لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED

Daily SEHAR لاہور

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

روزنامہ سحر

چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

جلد: 19 | منگل 13 اکتوبر 2026ء 1448ھ 30 ربیع الثانی 28 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 259

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com

206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے o (سورۃ البقرہ)

وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات

پاکستان نے دہشتگردی کیخلاف جنگ کرکے دنیا کو محفوظ کیا

افغانستان میں 20 ہزار سے زائد دہشت گرد موجود ہیں، افغانستان میں 20 ہزار سے زائد دہشت گرد موجود ہیں، ہمیں انتہا پسندی کا سامنا ہے، پرامن اور مستحکم افغانستان پاکستان اور خطے کے مفاد میں ہے

دہشت گرد افغان سرزمین پر ہر قسم کی تربیت حاصل کر رہے ہیں، پاکستان افغانستان میں انتہا وشدت پسندی کا خاتمہ چاہتا ہے، پاکستان نے دنیا میں قیام امن کے لیے جو کیا اس سے ثابت ہے پاکستان حل نکال سکتا ہے، وزیر اطلاعات کی گفتگو

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ کر کے دنیا کو محفوظ کیا، افغانستان میں 20 ہزار سے زائد دہشت گرد موجود ہیں، ہمیں انتہا پسندی کا سامنا ہے، پُرامن اور مستحکم افغانستان پاکستان اور خطے کے مفاد میں ہے، دہشت گرد افغان سرزمین پر ہر قسم کی تربیت حاصل کر رہے ہیں، پاکستان افغانستان میں انتہا وشدت پسندی کا خاتمہ چاہتا ہے، پاکستان نے دنیا میں قیام امن کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

انکم ٹیکس گوشواروں میں غلطی پر ایف بی آر کا جرمانے عائد کرنے کا فیصلہ

فائلرز کی ملک بھر میں موجود جائیدادوں اور اثاثوں سے متعلق ڈیٹا دستیاب ہے جس کی مدد سے انکم ٹیکس گوشواروں میں ظاہر کی گئی معلومات کی جانچ پڑتال کی جائیگی، رپورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے انکم ٹیکس گوشواروں میں غلط معلومات فراہم کرنے، اثاثے چھپانے اور ریکارڈ میں ردوبدل کرنے والوں کے خلاف جرمانے عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق ٹیکس فائلرز کی ملک بھر میں موجود جائیدادوں اور اثاثوں سے متعلق ڈیٹا دستیاب ہے جس کی مدد سے انکم ٹیکس گوشواروں میں ظاہر کی گئی معلومات کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر انکم ٹیکس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

کوئٹہ کے قریب پاک فوج کا تربیتی طیارہ حادثے کا شکار دونوں پائلٹ شہید

کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے قریب تکنیکی خرابی کے باعث طیارہ حادثے کا شکار ہوا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاک فوج کے ایوی ایشن ونگ کا مشاق تربیتی طیارہ حادثے کا شکار ہوگیا، حادثے میں دونوں پائلٹس شہید ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ کے مطابق کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے قریب تکنیکی خرابی کے باعث طیارہ حادثے کا شکار ہوا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

اہم خبریں

پاکستان نے 15 ماہ میں ورچوئل اثاثوں کا جامع ریگولیٹری فریم ورک قائم کرلیا، چیئرمین پی وی اے

آر اے کی وزیراعظم اور وفاقی کابینہ کو بریفنگ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت وچیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی (پی وی اے آر اے) بلال بن ثاقب نے وزیراعظم محمد شہباز شریف اور وفاقی کابینہ کو بریفنگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

وزیراعظم کا ریاض ایئرپورٹ پر حوثیوں کے حملے میں 6 پاکستانیوں کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیراعظم شہباز شریف نے ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حوثیوں کے حملے میں 6 پاکستانی شہریوں کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے پہلے سوشل سیکورٹی موبائل ہیلتھ سسٹم کا افتتاح کرتے ہوئے

ٹیکس کی مکمل استعداد کے حصول کیلئے تمام ضروری اقدامات اٹھائیں گے، شہباز شریف کی پیداواری سیکٹر کے تمام شعبوں میں سیلز ٹیکس کیلئے پیداوار کی نگرانی رواں برس کے اختتام تک مکمل کرنے کی ہدایت

وزیراعظم

صارف سے وصول کر کے اپنی جیب میں ڈالنے والے کاروبار کسی رعایت کے مستحق نہیں

پیداواری شعبے میں جو کاروبار رضاکارانہ طور پر نگرانی کا نظام نصب کر رہے ہیں، ان کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ٹیکس کی مکمل استعداد کے حصول کیلئے تمام تر ضروری اقدامات اٹھائیں گے، وزیراعظم نے سیمنٹ کے شعبے میں پیداوار کی نگرانی کے نظام کی آڈٹ رپورٹ کی تعریف کی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پیداواری سیکٹر کے تمام شعبوں میں سیلز ٹیکس کیلئے پیداوار کی نگرانی رواں برس کے اختتام تک مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صارف سے ٹیکس وصول کر کے اپنی جیب میں ڈالنے والے کاروبار کسی رعایت کے مستحق نہیں، ٹیکس کی مکمل استعداد کے حصول کیلئے تمام تر ضروری اقدامات اٹھائیں گے۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ایف بی آر کی اصلاحات پر جائزہ اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزرا اعظم نذیر تارڑ، ڈاکٹر مصدق ملک، احد خان چیمہ، شزہ فاطمہ خواجہ، وزیر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

گورنر راج اور ایمرجنسی کے بعد مرکز اور خیبر پختونخوا ایک پیج پر آگئے ہیں، امیر مقام

امن وامان قائم رکھنے کے لیے لا انفورسمنٹ فورسز اپنا کردار ادا کر رہے ہیں

پشاور (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے کشمیر و گلگت بلتستان اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر امیر مقام نے کہا ہے کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کے بعد مرکز اور خیبر پختونخوا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

وزیر خزانہ کی آئی ایم ایف کے فرسٹ ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر سے ملاقات

معاشی استحکام، ساختی اصلاحات اور بیرونی چیلنجز پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں 2026 کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

وفاق کے پاس خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگانے کے سوا کوئی راستہ نہیں بچا تھا

اسحاق ڈار

دھرنوں اور احتجاج کے سبب معیشت کو شدید نقصان پہنچتا ہے، پاکستان کا افغانستان سے صرف ایک مطالبہ ہے کہ وہ اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہونے دے

افغانستان میں کالعدم ٹی ٹی پی اور دیگر دہشتگردوں کی موجودگی خطے کے امن کے لیے خطرہ ہے، وہ دہشتگردوں کو اسلحے سمیت ہر قسم کی امداد دینا بند کریں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کا دفاع کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کے پاس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

مریم نواز شریف نے سوشل سیکیورٹی موبائل ہیلتھ پروگرام کا افتتاح کر دیا

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا پنجاب کے مزدور کیلئے تحفہ، صحت کی سہولت فیکٹری اور گھر تک پہنچ گئی، موبائل ہیلتھ پروگرام سے لاہور، قصور اور شیخوپورہ میں 46 لاکھ سے زائد صنعتی ورکرز اور ان کے خاندان کا علاج ان کی دہلیز پر ہوگا

24 سوشل سیکیورٹی ہسپتالوں میں ایک کروڑ سے زائد صنعتی ورکرز اور ان کے اہل خانہ کا بہترین علاج اور ادویات فراہم کر رہے ہیں، سوشل سیکیورٹی ہسپتالوں میں موبائل ہیلتھ پروگرام سے بیماریوں کی بروقت تشخیص وعلاج کے ساتھ ساتھ ہسپتالوں میں دباؤ کم ہوگا مریم نواز شریف

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے مزدور کیلئے صحت کی سہولیات فیکٹری اور گھر کی دہلیز تک پہنچا دیں۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ 65 موبائل ہسپتال اور بائیکس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

سی ایم ای بائیکس سکیم نے نوجوانوں میں مقبولیت کے ریکارڈ قائم کر دیئے، 13 لاکھ سے زائد کی رجسٹریشن

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی سی ایم ای بائیکس سکیم نے نوجوانوں میں مقبولیت کے ریکارڈ قائم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج، سہیل آفریدی سمیت 8 پی ٹی آئی رہنما پولیس تحویل میں ہیں، پولیس حکام

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد سہیل آفریدی سمیت پی ٹی آئی کے 8 رہنما پولیس کی حفاظتی تحویل میں ہیں۔ خیبر پختونخوا پولیس کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب بنکاک میں بلوم برگ ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے

جمہوری پاکستان کیلئے ہر طرح کے مذاکرات پر تیار ہیں، محمود اچکزئی کی حکومت کو پیشکش

موجودہ حکومت سب سے بڑی دہشتگرد ہے، جو پارٹیاں اس دہشتگردی کو سپورٹ کر رہی ہیں وہ تاریخ کا حصہ بنیں گی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ہم جمہوری پاکستان کے لیے ہر طرح کے مذاکرات کے لیے تیار ہیں، ہمیں عمران خان سے ملاقات کی اجازت دیں، ہم لکھ کر دیتے ہیں باہر آ کر کچھ نہیں بتائیں گے۔ اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر اور دیگر رہنماؤں کے ہمراہ پارلیمنٹ کے باہر پریس کانفرنس کرتے ہوئے محمود خان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

جنسی زیادتی کے جھوٹے مقدمات درج کرانے والوں کیخلاف سخت کارروائی کا فیصلہ

ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کا اینٹی ریپ ایکٹ کے تحت 7 مقدمات کے مدعیان اور گواہوں کے خلاف مقدمات درج کرنے کا حکم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد پولیس نے جنسی زیادتی کے جھوٹے مقدمات درج کرانے اور بعد میں مبینہ طور پر رقم لے کر ملزمان کے حق میں بیانات دینے والوں کے خلاف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

لبنان کے سفیر کی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ملاقات

لبنان کیساتھ پاکستان کے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جمہوریہ لبنان کے اسلامی جمہوریہ پاکستان میں سفیر غیر معمولی و مکمل الاختیار، عزت عبدالعزیز عیسیٰ نے اسلام آباد میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وزیر دفاع نے لبنان کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

پشاور: گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ملاقات کرتے ہوئے

سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ون ونڈو سہولت، خصوصی اقتصادی زونز اور کاروباری برادری کی پالیسی سازی میں شمولیت ناگزیر ہے، قیصر احمد شیخ

وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ کا لاہور چیمبر میں اجلاس سے خطاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ حکومت سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری برادری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

سعودی عرب پر حوثی حملے کھلی دہشت گردی، عالمِ اسلام کی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ ہیں، دینی ومذہبی جماعتیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) انٹرنیشنل تنظیم حرمین شریفین کونسل، پاکستان علماء کونسل، متحدہ جمعیت اہل حدیث، مرکزی علما کونسل، جمعیت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

ملکی معیشت کی بحالی پر اعتماد کی عکاسی کرتی ہے، بیرسٹر دانیال چوہدری

پاکستان کی معاشی ترقی کی شرح مالی سال 27-2026 میں 4 فیصد سے تجاوز کرنے کی توقع ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ مالی سال 27-2026 میں پاکستان کی معاشی ترقی کی شرح 4 فیصد سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

ریاض: وفاقی وزیر برائے پٹرولیم علی پرویز ملک فورم سے خطاب کرتے ہوئے

افغان طالبان رجیم کی سرپرستی میں سرحد پار دہشتگردی کے شواہد سامنے آگئے

سی آئی اے کی سابق ٹارگٹنگ افسر سارہ ایڈمز نے بھی افغانستان میں دہشت گردوں کے مراکز کی تصدیق کر دی

پکتیکا اور کنڑ میں تین اہم مراکز پر پاک فوج کی کارروائی میں فتنہ الخوارج کے 19 دہشتگرد ہلاک اور 11 سے زائد زخمی ہوئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) افغان طالبان رجیم کی سرپرستی میں افغانستان سے سرحد پار دہشت گردی کے شواہد ایک بار پھر سامنے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

پیٹرولیم لیوی کے خاتمے کا مطالبہ؛ وزیراعظم، حافظ نعیم سے ملاقات کے خواہاں ہیں، رانا ثناء

وزیراعظم اور امیر جماعت اسلامی کی ملاقات سے قبل مذاکراتی کمیٹیوں کے اجلاس کا امکان ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ شہباز شریف، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن سے ملاقات کرنا چاہتے ہیں۔ رانا ثناء اللہ کی جانب سے جماعت اسلامی کے نائب امیر لیاقت بلوچ کو آج فون کیا گیا، جس میں پیٹرولیم لیوی سے متعلق مذاکرات کے حوالے سے بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر آئندہ پیش رفت سے متعلق بھی گفتگو ہوئی۔ رانا ثناء اللہ نے لیاقت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ کا سیرت انڈوومنٹ فنڈ کے قیام کا اعلان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے سیرت انڈوومنٹ فنڈ کے قیام کا اعلان کرتے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ کرنے کا فیصلہ ہفتے کی شب ہی ہو گیا تھا، طارق فضل چوہدری کا انکشاف

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے انکشاف کیا کہ ہفتے کی شب ہی فیصلہ ہو گیا تھا کہ اتوار کی صبح کے پی میں ایمرجنسی نافذ کرنی ہے، موجودہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

پاکستان کی معیشت رواں مالی سال 4 فیصد سے زائد ترقی کرے گی: وزیر خزانہ

عالمی اور علاقائی حالات کے باوجود پاکستان کی معیشت ترقی کی جانب گامزن ہے

پاکستان اور امریکا کے درمیان 10 ارب ڈالر کے ایکسچینج اسٹیبلائزیشن فنڈ سے متعلق بات چیت جاری ہے

بنکاک: (اے ایف پی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت رواں مالی سال 4 فیصد سے زائد ترقی کرے گی، جبکہ حکومت 5 سے 6 سرکاری اداروں کی نجکاری سے ایک ارب ڈالر سے زائد حاصل کرنے کا ہدف رکھتی ہے۔ بنکاک میں بلوم برگ ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ عالمی اور علاقائی حالات کے باوجود پاکستان کی معیشت ترقی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری مختلف ممالک کے سفیروں کو سوینئر پیش کرتے ہوئے

وفاقی حکومت خیبر پختونخوا میں امن کیلئے تمام ذمہ داری پوری کرے گی

محسن نقوی

پورا خیبر پختونخوا پُرامن ہے، جعلی ویڈیوز کی سمجھ آ جاتی ہے، خیبر پختونخوا پولیس دہشت گردی کے خلاف شہادتیں دے رہی ہے

پولیس، آرمی اور مشاورتی کونسل نے مل کر کام کرنا ہے، یہی فورس ہے آپ دیکھیں گے کہ ان کو جب حکومت لیڈ کرے گی تو اچھے نتائج ملیں گے: وفاقی وزیر داخلہ

پشاور (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پورا خیبر پختونخوا پُرامن ہے، جعلی ویڈیوز کی سمجھ آ جاتی ہے۔ میڈیا سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

ہارون اختر خان سے چینی شینگ تانگ گروپ کے وفد کی ملاقات

شینگ تانگ گروپ کا سرمایہ کاری کے مختلف مواقع تلاش کرنے میں دلچسپی کا اظہار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت وپیداوار ہارون اختر خان سے چینی شینگ تانگ گروپ کے وفد نے ملاقات کی ہے جس میں شینگ تانگ گروپ نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے مختلف مواقع تلاش کرنے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ وزارت صنعت و پیداوار کے مطابق شینگ تانگ گروپ پاکستان میں 10 ملین ڈالر مالیت کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

صدر زرداری کی اسماعیلی فرقے کے روحانی پیشوا پرنس رحیم آغا خان کو ان کی سالگرہ پر مبارکباد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اسماعیلی فرقے کے روحانی پیشوا پرنس رحیم آغا خان کو ان کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

پاکستان آزمائش کی اس گھڑی میں سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، علی پرویز ملک

عالمی توانائی کا شعبہ سرمایہ کاری کے ایک نئے دور میں داخل ہو رہا ہے، وزیر پٹرولیم

توانائی کے ذرائع میں تنوع، مقامی پیداوار میں اضافے اور عالمی سرمایہ کاری کے فروغ پر توجہ دے رہا ہے

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ پاکستان توانائی کے شعبے میں طویل مدتی تحفظ یقینی بنانے کے لیے توانائی کے ذرائع میں تنوع، مقامی پیداوار میں اضافے اور عالمی سرمایہ کاری کے فروغ پر توجہ دے رہا ہے، پاکستان آزمائش کی اس گھڑی میں سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، عالمی توانائی کا شعبہ سرمایہ کاری کے ایک نئے دور میں داخل ہو رہا ہے جس میں توانائی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

وزیراعظم کا کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے میں دو پائلٹس کی شہادت پر اظہار افسوس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے قریب پاک فوج کے ایوی ایشن کے تربیتی طیارے کو پیش آنے والے حادثے میں انسٹرکٹر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

وزیراعظم کی دانش آئی ٹی پارک اسلام آباد کو ٹیکنالوجی کا عالمی معیار کا مرکز بنانے کی ہدایت

آئی ٹی انٹرپرینیورز کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کا سفر جاری رکھیں گے، شہباز شریف

اجلاس میں وفاقی وزراء مصدق مسعود، احد چیمہ، عطا اللہ شزہ فاطمہ، بلال اظہر کیانی اور اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے دانش آئی ٹی پارک اسلام آباد کو ٹیکنالوجی کا عالمی معیار کا مرکز بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی نوجوانوں کو آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور فن ٹیک کے شعبوں میں جدید مہارتوں کی فراہمی اور آئی ٹی انٹرپرینیورز کے لیے نئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

گورنر خیبر پختونخوا سے امیر مقام کی ملاقات، خیبر پختونخوا کی مجموعی امن وامان کی صورتحال، سیاسی امور پر گفتگو

عوام کی ترقی وخوشحالی کے لیے ہر ممکن تعاون اور موثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے، کنڈی

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے وفاقی وزیر برائے امور کشمیر وگلگت بلتستان امیر مقام نے گورنر ہاؤس پشاور میں ملاقات کی۔ ترجمان گورنر ہاؤس پشاور کے مطابق ملاقات میں خیبر پختونخوا کی مجموعی امن وامان کی صورتحال، سیاسی امور اور باہمی دلچسپی کے دیگر معاملات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

لاہور چیمبر اور نیب کا کرپشن کے خاتمے کے لیے مشترکہ اقدامات پر اتفاق

کاروباری برادری کی شکایات کے ازالے اور شفاف طرز حکمرانی کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنے کا فیصلہ

صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر اور نیب ڈائریکٹر محمد اکمل کے درمیان ملاقات، سرکاری محکموں میں نیب نمائندوں کی تعیناتی کی تجویز

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور قومی احتساب بیورو (نیب) نے کرپشن کے خاتمے، شفاف طرز حکمرانی کے فروغ اور کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر اور نیب ڈائریکٹر محمد اکمل کے درمیان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

چین پاکستان سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل، ثقافتی تعاون کے دو طویل المدتی منصوبوں کا آغاز

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) رواں سال 2026 کا وسطِ خزاں مشاعرہ اسلام آباد میں پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس (پی این سی اے) میں منعقد ہوا، جس میں چین اور پاکستان کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے بعض افراد کو حفاظتی تحویل میں لیا گیا ہے، سینیٹر طلال چوہدری

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے کہ امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے بعض افراد کو حفاظتی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

ریاض احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) پاکپتن نے دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) عارفوالا میں کھاد، بیج اور پیسٹی سائیڈ ڈیلرز و کمپنیوں کے نمائندگان کے اجلاس کی صدارت کی

ریاض احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) پاکپتن نے دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) عارفوالا میں کھاد، بیج اور پیسٹی سائیڈ ڈیلرز و کمپنیوں کے نمائندگان کے اجلاس کی صدارت کی

عارفوالا (تحصیل رپورٹر) ریاض احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) پاکپتن نے دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) عارفوالا میں کھاد، بیج اور پیسٹی سائیڈ ڈیلرز و کمپنیوں کے نمائندگان کے اجلاس کی صدارت کی اجلاس میں زرعی مداخل کے ڈیلرز اور نمائندگان پر زور دیا گیا کہ وہ کاشتکاروں کو آلو کی کاشت میں کمی اور گندم کے زیر کاشت رقبے میں اضافے کی ترغیب دیں۔ مزید برآں، گندم کی بروقت کاشت، تصدیق شدہ بیج اور متوازن کھادوں کے استعمال کے ذریعے بہتر پیداوار کے حصول پر بھی زور دیا گیا انہوں نے تمام شرکاء پر زور دیا کہ وہ حکومتِ پنجاب کی جانب سے ضلع پاکپتن (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

شہر بھر میں گرلز سکولز کے آس پاس آوارہ اور اوباش لڑکوں کا گشت، طالبات اور والدین شدید ذہنی اذیت کا شکار سینکڑوں طلبہ وطالبات کا مستقبل داؤ پر

چوکی (نامہ نگار) شہر بھر میں گرلز سکولز کے آس پاس آوارہ اور اوباش لڑکوں کا گشت، طالبات اور والدین شدید ذہنی اذیت کا شکار سینکڑوں طلبہ وطالبات کا مستقبل داؤ پر؛ اہل علاقہ کا سخت قانونی کارروائی کا مطالبہ چوکی شہر بھر میں تعلیمی اداروں کے گرد میں سکول کھلنے اور بند ہونے کے اوقات میں آوارہ اور اوباش لڑکوں کی ٹولیوں کی موجودگی نے طلبہ، طالبات اور ان کے والدین کا جینا محال کر دیا۔ شہر بھر کے سکولز ایک عرصہ سے علاقے میں تعلیمی خدمات سرانجام دے رہے ہیں جہاں سینکڑوں طلبہ اور طالبات زیرِ تعلیم ہیں۔ تاہم گزشتہ کچھ عرصے سے یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ سکول کی چھٹی اور آغاز کے اوقات میں چند آوارہ اور اوباش قسم کے لڑکے سکولز کے راستے، گلی محلوں، کونوں اور دکانوں کے پاس آ کر کھڑے ہو جاتے ہیں۔ یہ لڑکے سکول آنے اور جانے والے بچوں، بالخصوص طالبات کو ہراساں کرتے ہیں اور ان پر آوازے کستے ہیں۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

اوکاڑہ ستھرا پنجاب ایجنسی کے تحت تحصیل بھر میں صفائی آپریشن تیز، صفائی ٹیمیں متحرک

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت تحصیل بھر میں صفائی آپریشن تیزی سے جاری ہے ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک اور ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کی ہدایات پر شاہراہوں، بازاروں، گلیوں، محلوں اور تجارتی مراکز میں صفائی کے عمل کو مزید تیز کر دیا گیا ہے ستھرا پنجاب ایجنسی اور سارکو ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی ٹیمیں شہری و دیہی علاقوں کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے متحرک ہیں صفائی عملہ دستی صفائی کے ساتھ مشینری کے ذریعے بھی صفائی کے امور سرانجام دے رہا ہے جبکہ کوڑا کرکٹ اٹھانے، اسے بروقت مقررہ مقامات تک منتقل کرنے، نالیوں اور ڈرینز کی صفائی اور سڑکوں کے کناروں سے گندگی کے خاتمے کے لیے

اقدامات جاری ہیں ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا کی قیادت میں صفائی آپریشن کے مختلف امور کی نگرانی کی جا رہی ہے جبکہ سارکو مینجنگ ڈائریکٹر ملک حسن سردار اور پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر کی زیرِ نگرانی صفائی سرگرمیوں کو مؤثر بنانے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

اوکاڑہ میں جماعت اسلامی کا عظیم الشان جلسہ عام، حافظ نعیم الرحمٰن کی پیٹرولیم لیوی کے خلاف گرج برس

اوکاڑہ (نامہ نگار) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے آئی ایم ایف کے دباؤ میں آ کر غریب عوام پر پیٹرولیم لیوی کی صورت میں 80 روپے فی لیٹر سے زائد کا بھتہ مسلط کر رکھا ہے، یہ کوئی لیوی نہیں سیدھا سیدھا عوام کی جیب پر ڈاکہ ہے۔ پیٹرولیم لیوی کے خاتمے اور مہنگائی سے نجات کے بغیر عوام سکھ کا سانس نہیں لے سکتی۔ اوکاڑہ میں جماعت اسلامی کے تاریخی اور عظیم الشان جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے مہنگائی اور پیٹرولیم لیوی کے خلاف شدید غم و غصے کا اظہار کیا اور عوام کو فوری ریلیف دینے کا مطالبہ کیا۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ پیٹرول مہنگا ہوتا ہے تو بجلی مہنگی ہوتی ہے، بجلی مہنگی ہوتی ہے تو آٹا، چینی، سبزی اور کرایہ مہنگا ہو جاتا ہے۔ پیٹرولیم مصنوعات اور اضافی ٹیکسوں کے اس بوجھ نے عام آدمی کی زندگی مشکل سے مشکل تر بنا دی ہے، مزدور خودکشی پر مجبور ہے۔ حکومت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

میاں محمد نواز شریف کو سازش کے تحت نکال کر ملکی ترقی و خوشحالی کو رول بیک کیا گیا، سید کرم علی شاہ

پاکپتن (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) ضلع پاکپتن کے قائم مقام جنرل سیکرٹری اور پارٹی کے دیرینہ کارکن سید کرم علی شاہ نے کہا ہے کہ میاں محمد نواز شریف کو سازش کے تحت نکال کر ملکی ترقی و خوشحالی کو رول بیک کیا گیا ایک نااہل شخص کو ملک و قوم پر مسلط کر کے نہ صرف ملکی معیشت کا بیڑہ غرق کیا گیا بلکہ غریب عوام سے جینے کا حق بھی چھین لیا گیا لوگ آج بھی میاں محمد نواز شریف کی وزارت عظمیٰ کا دور یاد کرتے ہیں میاں محمد نواز شریف پاکستان کی ترقی معیشت کی مضبوطی اور عوامی خوشحالی کے ضامن ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے 12 اکتوبر یوم سیاہ پر کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام میاں محمد نواز شریف سے دلی محبت کرتی ہے یہ قدرت کا انصاف ہے کہ قائد مسلم لیگ (ن) کے خلاف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

اوکاڑہ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی ہدایت پر سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر پیر اصغر علی تجاوزات اور گرانفروشی کے خلاف متحرک

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی ہدایت پر سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر پیر اصغر علی تجاوزات اور گرانفروشی کے خلاف متحرک۔ اس سلسلہ میں انہوں نے اکبر روڈ اور سبزی منڈی کا تفصیلی دورہ کیا اور تجاوزات اور اشیائے خورونوش کی ریٹ لسٹوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ایس ڈی ای او اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کی ہدایات پر شاہراہوں، بازاروں، گلیوں، محلوں اور تجارتی مراکز میں صفائی کے عمل کو مزید تیز کر دیا گیا ہے ستھرا پنجاب ایجنسی اور سارکو ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی ٹیمیں شہری و دیہی علاقوں کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے متحرک ہیں صفائی عملہ دستی صفائی کے ساتھ مشینری کے ذریعے بھی صفائی کے امور سرانجام دے رہا ہے جبکہ کوڑا کرکٹ اٹھانے، اسے بروقت مقررہ مقامات تک منتقل کرنے، نالیوں اور ڈرینز کی صفائی اور سڑکوں کے کناروں سے گندگی کے خاتمے کے لیے

اقدامات جاری ہیں ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا کی قیادت میں صفائی آپریشن کے مختلف امور کی نگرانی کی جا رہی ہے جبکہ سارکو مینجنگ ڈائریکٹر ملک حسن سردار اور پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر کی زیرِ نگرانی صفائی سرگرمیوں کو مؤثر بنانے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

پنجاب میں گندم سیڈ کا ریٹ ساتویں آسمان پر، 3000 ہزار من والی گندم 6400 میں، کسان سراپا احتجاج و پریشان

عارف والہ (کرائم رپورٹر) پنجاب میں گندم سیڈ کا ریٹ ساتویں آسمان پر، 3000 ہزار من والی گندم 6400 میں، کسان سراپا احتجاج و پریشان، تفصیل کے مطابق، پنجاب سیڈ کارپوریشن کی جانب سے گندم سیڈ 50 کلوگرام کے تھیلے کا ریٹ پنجاب کے لیے 7000 اور دیگر صوبوں کے لیے 8000 مقرر کر دیا گیا، پنجاب سیڈ کارپوریشن کی جانب سے ریٹ مقرر کرتے ہی پنجاب کی سیڈ کمپنوں نے بھی من مانے ریٹ دے دیئے، جبکہ گندم کی اگیتی نومبر کاشت شروع ہونے والی ہے، کسانوں نے گندم کی کاشت کے لیے زمین کی تیاری شروع کر دی ہے، گندم کی کاشت شروع ہونے سے پہلے ہی منافع خور گندم سیڈز کمپنوں نے گندم سیڈز کے ریٹ ساتویں آسمان پر پہنچا دیئے جو گندم 3000, 3200 (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہری شہید، ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہری شہید، ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ۔ گوجرانوالہ سے والد کے ہمراہ محفلِ سماع میں شرکت کے لیے سیالکوٹ آنے والا شہری واپسی پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہید ہو گیا۔ واقعے پر سی ڈی، پنجاب حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے ملزمان کی گرفتاری اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے چار افراد پکڑے گئے

کاموکے (تحصیل رپورٹر) ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے چار افراد پکڑے گئے۔ گذشتہ روز واہنڈو پولیس نے گیپکو کے ایس ڈی اوز کی درخواستوں پر ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے نواحی گاؤں تمبولی کے محمد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

ڈی پی او سیالکوٹ کا روزانہ اردل روم؛ نظم وضبط اور محکمانہ احتساب کا تسلسل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈی پی او سیالکوٹ کا روزانہ اردل روم؛ نظم و ضبط اور محکمانہ احتساب کا تسلسل۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد اپنے دفتر میں روزانہ اردل روم کے دوران پولیس افسران واہلکاروں کے محکمانہ معاملات، شوکاز نوٹسز اور انکوائریوں کی سماعت کرتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن (ر) (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

سیالکوٹ میں کاروباری اور معاشی ترقی کے وسیع مواقع موجود ہیں، سیمسن اقبال

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کرسچن بزنس الائنس کے صدر سیمسن اقبال نے کہا ہے کہ سیالکوٹ میں کاروباری اور معاشی ترقی کے وسیع مواقع موجود ہیں جدید ٹیکنالوجی اور سوشل میڈیا نے نوجوانوں کے سامنے ترقی کے بے شمار راستے کھولے ہیں لیکن ان ذرائع سے درست انداز میں فائدہ اٹھانے کے لیے ضروری ہے کہ نوجوان اپنی صلاحیتوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

کیری ڈبہ کی موٹر سائیکل کو ٹکر، میاں بیوی اور 9 سالہ بیٹی زخمی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کیری ڈبہ کی موٹر سائیکل کو ٹکر، میاں بیوی اور 9 سالہ بیٹی زخمی۔ تفصیلات کے مطابق سمبڑیال کے علاقے بوپالوالہ اسٹاپ، نزد کوٹلی نونہ میں ڈسکہ سے سمبڑیال جانے والی موٹر سائیکل کو کیری ڈبہ نے پیچھے سے ٹکر ماردی، جس کے نتیجے میں 42 سالہ محمد عادل، ان کی اہلیہ 35 سالہ شمائلہ اور بیٹی 9 سالہ فاطمہ سکنہ فتوچک زخمی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

سیالکوٹ ضلع بھر میں محکمہ ہیلتھ کی مبینہ ملی بھگت عطائی ڈاکٹروں کی میڈیکل سٹوروں کی آڑ میں غیر قانونی پریکٹس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) سرکل سمیت ضلع بھر میں جعلی میڈیکل سٹوروں کی آڑ میں کھلے عام کواکری محکمہ ہیلتھ ڈسٹرکٹ سیالکوٹ کی مبینہ ملی بھگت سے روڑس امیر پکپورہ موڑ سمبڑیال رندھیر موڑ بیگووالہ کلووال تانبرے کپوروالی کنگراروڈ اڈا سرور آباد سمبڑیال سلطان پورہ عبداللہ ٹبہ آگوکی ساہووالہ بھگوال اور گردونواح میں عطائی ڈاکٹروں کی کھلے عام پریکٹس جاری مبینہ طور پر محکمہ ہیلتھ ڈسٹرکٹ سیالکوٹ کی ملی بھگت سے ڈی ڈی ایچ اوز ڈرگ انسپکٹران کی کاروائی کی بجائے سہولتکاری ہر گلی محلے میں عطائی ڈاکٹروں اور جعلی میڈیکل سٹوروں کیا آڑ ڈمیں کواکرواں کے ہاتھوں کئی قیمتی جانوں کے ضیاع کے واقعات آئے روز رونما معمول بن چکے ہیں جو محکمہ ہیلتھ ڈسٹرکٹ سیالکوٹ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں شہری سماجی عوامی حلقوں کا ڈی سی سیالکوٹ اسسٹنٹ کمشنرز سیکرٹری ہیلتھ سے نوٹس لینے کا عوامی مطالبہ۔

کروڑوں مالیت کا سکریپ ادھار لیکر امانت میں خیانت کرنیوالے کو گرفتار کیا جائے؛ ایک لاکھ انعام کا اعلان؛ ناصر علی وغیرہ

شیر گڑھ (نامہ نگار) کروڑوں مالیت کا سکریپ ادھار لیکر امانت میں خیانت کرنیوالے کو گرفتار کیا جائے؛ ایک لاکھ انعام کا اعلان؛ ناصر علی وغیرہ؛ رپورٹ کیمطابق معروف تاجر ناصر علی پراچہ، محمد سلمان پراچہ، کامران پراچہ نے شیر گڑھ پریس کلب رجسٹرڈ میں پر ہجوم پریس کانفرنس کرتے ہوئے مریم نواز شریف وزیر اعلیٰ پنجاب، محسن نقوی وزارت داخلہ، ودیگر ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ ریکارڈ یافتہ ملزم وسیم اکرم ولد فلک شیر کھوکھر سکنہ گلشن اسحاق کالونی ریناله نے گینگ کے ہمراہ رینٹ پر بڑی گاڑیاں لیکر انکا رعب جماتے ہوئے خود کو بڑا بزنس مین ظاہر کر کے ان سے مبلغ 11 لاکھ کا سکریپ سامان جبکہ دیگر متاثرین سے تقریباً 2 کروڑ سے زائد کا سامان بطور امانت ادھار لے لیا اور بعدازاں خود ساختہ روپوشی اختیار کر لی تحقیق پر پتہ چلا کہ جعلی تاجر ان کا روپ دھار کر بڑا فراڈ کیا گیا ہے جسکی بابت تھانے میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

رلیوے پھاٹک ہڑپہ: عوامی نمائندوں کے وعدے ادھورے، اہل علاقہ شدید پریشانی سے دوچار اوور ہیڈ برج کی تعمیر کا مطالبہ

ہڑپہ (منیر ساجد ارائیں سے): ریلوے پھاٹک ہڑپہ اسٹیشن اور گردونواح کے علاقوں کے مکینوں کے لیے دیرینہ دردِ سر بن چکا ہے ریل گاڑیوں کی آمد کے وقت پھاٹک بند ہونے سے روزانہ آمدورفت کرنے والے شہریوں اسکول و کالج جانے والے طلبہ و طالبات اور دفاتر و کام کی جگہوں پر پہنچنے والے ملازمین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اہلِ علاقہ نے مسئلے کے مستقل حل کے لیے فوری طور پر اوور ہیڈ برج کی تعمیر کا مطالبہ کیا ہے روزانہ کی زندگی متاثر اہلِ علاقہ کے مطابق ریل ٹرانسپورٹ کی کثیر آمدورفت کے باعث دن میں کئی بار پھاٹک بند ہوتا ہے، جس سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ جاتی ہیں اور معمولی سفر بھی کئی گناہ طویل ہو جاتا ہے طلبہ و طالبات اپنے اداروں تک دیر سے پہنچتے ہیں ملازمین دفتری اوقات میں تاخیر کا شکار ہوتے ہیں جبکہ بزرگ شہری خواتین او (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

سی*پی سی جی اے کی 333 ویں ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس۔ ہارون آباد سے ایگزیکٹو رکن حاجی ملک سعید احمد اعوان نے خصوصی شرکت کی

ہارون آباد (نمائندہ خصوصی) اوسی*پی سی جی اے کی 333 ویں ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس۔ ہارون آباد سے ایگزیکٹو رکن حاجی ملک سعید احمد اعوان نے خصوصی شرکت کی پاکستان کاٹن جنرز ایسوسی ایشن (PCGA) کی ایگزیکٹو کمیٹی (CEC) کا 333 واں اجلاس آج پی سی جی اے ہیڈ آفس ملتان میں *چیئرمین پی سی جی اے سہیل محمود ہرل* کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں ہارون آباد سے ممتاز کاٹن جنرز اور ایگزیکٹو رکن حاجی ملک سعید احمد اعوان نے خصوصی شرکت کی اجلاس میں بنیادی طور پر پاکستان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

اوکاڑہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز چوہدری عبدالجبار گجر کا ڈی ایچ کیو ساؤتھ سٹی ہسپتال میں طبی سہولیات کا جائزہ لیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز چوہدری عبدالجبار گجر کا ڈی ایچ کیو ساؤتھ سٹی ہسپتال میں طبی سہولیات کا جائزہ، بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے ہسپتال میں ادویات کی بلاتعطل فراہمی اور شہریوں کی سہولت کے لیے فارمیسی کی توسیع کے حوالے سے فوری اور ضروری

اقدامات اٹھانے کی ہدایات جاری کیں۔ چوہدری عبدالجبار گجر نے کہا کہ ڈی ایچ کیو ساؤتھ سٹی ہسپتال میں آنے والے تمام مریضوں کو بہترین اور بروقت طبی سہولیات فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے، چوہدری عبدالجبار گجر نے کہا کہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

انہوں نے عوامی صحت عامہ کی بہتری اور ہسپتالوں میں معیاری علاج و معالجے کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ایمرجنسی، او پی ڈی اور مختلف وارڈز کا دورہ کر کے داخل مریضوں کی عیادت کی اور ان سے ہسپتال کے عملے کے رویے، مفت ادویات اور طبی سہولیات کی دستیابی کے

مخدوم سید عرفان رضا شاہ نے قومی امن کمیٹی ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ڈسٹرکٹ چیئرمین کا حلف اٹھا لیا

نکانہ صاحب (تحصیل بیورو چیف محمد عرفان رفیع) قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی و انسانی برداری خورشید آباد، نزد پیر محل، نزد ناصر نگر، ان کے فارم ہاؤس بن ریاض مارکی میں نہایت پروقار انداز میں منعقد

حقوق پاکستان، ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے نومنتخب ڈسٹرکٹ چیئرمین مخدوم سید عرفان رضا شاہ کی تقریب حلف ہوئی۔ تقریب میں مرکزی جنرل سیکریٹری جناب محمد اشرف جعفری کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

سابق صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن رائے اکرم خان بھٹی کی رہائش گاہ امریکی سکھ یاتریوں کے اعزاز میں صوفی نائٹ کا انعقاد

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) سابق صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن رائے اکرم خان بھٹی کی رہائش گاہ امریکی سکھ یاتریوں کے اعزاز میں صوفی نائٹ کا انعقاد کیا گیا، صوفی نائٹ میں معروف لوک فنکاروں کے گروپ نے صوفیانہ کلام پیش کر کے محفل کو چار چاند لگا دیے۔ بابا بلھے شاہ، وارث شاہ اور بابا فرید سمیت عظیم صوفیاء کرام کے کلام نے شرکاء کو محبت، امن اور رواداری کے پیغام سے روشناس کرایا۔ تفصیلات کے مطابق امریکہ سے جتھہ لیڈر نکی گریوال کی قیادت میں آنے والے سکھ یاتریوں کے اعزاز میں صوفی نائٹ کا اہتمام کیا گیا، جہاں معروف بابا گروپ کے اسلم باہو نے اپنی خوبصورت آواز اور منفرد انداز میں صوفیانہ کلام پیش کر کے سماں باندھ دیا۔ صوفی نائٹ کے دوران بابا بلھے شاہ، وارث شاہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو سیموئیلنس	1122
ہیلپ لائن	15
ایمرجنسی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
وفاقی پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری، سٹیزن سیل	99213100
ہیلپ لائن شکایت	99202881
ایڈیشنل سیکرٹری شکایت	111-000-118
سی سی پی او شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو ایچ ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
ٹھیلسیمیا بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

حجرہ چوک تا گورنمنٹ ہائی سکول کوٹ شوکت سلطان واحد راستہ تباہ حالی کا شکار، طلبہ کی تعلیمی راہ میں مشکلات حائل

حجرہ چوک تا گورنمنٹ ہائی سکول کوٹ شوکت سلطان واحد راستہ تباہ حالی کا شکار، طلبہ کی تعلیمی راہ میں مشکلات حائل

حجرہ چوک (رپورٹ: زوہیب حسن بھٹی): حجرہ چوک سے گورنمنٹ ہائی سکول کوٹ شوکت سلطان جانے والا واحد راستہ خستہ حالی کی بدترین تصویر پیش کرنے لگا، جہاں ٹوٹ پھوٹ کا شکار سڑک اور بارش کے بعد جمع ہونے والے پانی نے طلبہ کی آمدورفت کو دشوار بنا دیا ہے۔ سڑک پر کھڑا پانی اور پھیلی ہوئی کیچڑ نہ صرف راستے کی حالت کو ابتر کر رہی ہے بلکہ سکول جانے والے طلبہ کو بھی روزانہ مشکلات سے دوچار ہونا پڑ رہا ہے۔ تعلیمی ادارے تک پہنچنے کے لیے یہی واحد راستہ ہونے کے باعث اس کی بدحالی نے مسئلے کی سنگینی میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ تعلیم کے حصول کے لیے نکلنے والے طلبہ کو بنیادی سہولت ہی میسر نہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

بابا فرید سکول آف صوفی اسٹڈی کے زیر اہتمام پریتم سنگھ کی معروف تصنیف (بابا گرو گرنتھ والے شیخ فرید جی بھال) کی تقریب رونمائی اور علمی ادبی، صوفیانہ نشست کا انعقاد

پاکپتن (نامہ نگار) بابا فرید سکول آف صوفی اسٹڈی کے زیر اہتمام پریتم سنگھ کی معروف تصنیف (بابا گرو گرنتھ والے شیخ فرید جی بھال) کی تقریب رونمائی اور علمی ادبی، صوفیانہ نشست کا انعقاد ہوا، تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآنِ پاک اور نعت رسولِ مقبول ﷺ سے ہوا تقریب میں خطبہ استقبالیہ ایڈمنسٹریٹر اوقاف بابر سلطان گوندل، کتاب کی اہمیت و افادیت معروف دانشور لکھاری پروفیسر شیخ محمد مسعود خالد، تقریب کے آغاز و مقاصد اور علمی ادبی اہمیت سینئر صحافی وقار فرید جگنو، تقریب سٹیج سیکرٹری کے فرائض معروف ماہر تعلیم ٹیلنٹ آف پنجاب کے سی ای او جہانگیر احمد وٹو نے ادا کئے، تقریب میں معروف صوفی گلوکار فدا حسین نے اشلوک کلام بابا فرید پیش کئے، تقریب میں کتاب اور پریتم سنگھ جی سے متعلق معلومات پروفیسر زبیر احمد ایوارڈ یافتہ ڈاہاں کینیڈا، فکشن رائٹر و مصنف نین سکھ جی ڈاہاں ایوارڈ یافتہ کینیڈا، خصوصی خطاب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

ابلتے گٹروں نے اہلیانِ ہڑپہ اسٹیشن کی زندگیاں عذاب بنا دیں، قومی خزانے کے کروڑوں روپے ضائع

ہڑپہ (منیر ساجد ارائیں سے): آئے روز ابلتے گٹروں نے اہلیانِ ہڑپہ کی زندگیاں عذاب بنا کر رکھ دی ہیں۔ قومی خزانے سے کروڑوں روپے خرچ کر کے پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ساہیوال کی زیرِ نگرانی مکمل کیے گئے سیوریج سسٹم کی کارکردگی کا پول کھول دیا ہے کیونکہ منصوبے کی تکمیل کے باوجود گٹروں کا ابلنا معمول بن گیا ہیگندے پانی کے ابلنے سے نہ صرف اہلیانِ ہڑپہ اسٹیشن شدید مشکلات اور صحتی مسائل کا شکار ہیں بلکہ مقامی لوگوں کی قیمتی املاک اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی مملکتی سڑک مین جی ٹی روڈ ہڑپہ اسٹیشن بھی شدید متاثر ہو رہی ہیاہلِ علاقہ کے مطابق کروڑوں روپے کی لاگت سے مکمل ہونے والے سیوریج سسٹم کے باوجود گٹروں کا گندا پانی مسلسل ابل رہا ہے جس سے عوام کو سڑکوں اور گلیوں میں گندگی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہیبدبو، مچھروں کی افزائش اور گندے پانی کے جماؤ نے علاقے کے ماحول کو ناقابلِ برداشت بنا دیا ہے، جبکہ بچوں اور بزرگ شہریوں کے لیے صحت کے خطرات بھی بڑھ گئے ہیں مقامی باشندوں نے کہا کہ منصوبے کی تکمیل کے بعد بھی اگر گٹر ابل رہے ہیں تو یہ واضح طور پر پبلک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی نگرانی، معیاری تعمیر اور بعد از تکمیل دیکھ بھال میں سنگین کوتاہی کی عکاسی ہیانہوں نے کہا کہ عوامی رقم سے مکمل ہونے والے منصوبے کی ناکامی پر ذمہ داران کا احتساب ہونا چاہیے قیمتی املاک اور مین

جی ٹی روڈ متاثر گٹروں سے ابلنے والا گندے پانی سے رہائشی عمارتوں، دکانوں اور دیگر جائیدادوں کو نقصان پہنچ رہا ہیاہلِ علاقہ کے مطابق نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی مملکتی سڑک مین (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

مولانا ظفر علی خان چوک سے سیالکوٹ روڈ اور ڈسکہ روڈ کو ملانے کے لیے شروع کیا گیا رنگ روڈ منصوبہ تاحال مکمل نہ ہو سکا

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) مولانا ظفر علی خان چوک سے سیالکوٹ روڈ اور ڈسکہ روڈ کو ملانے کے لیے شروع کیا گیا رنگ روڈ منصوبہ تاحال مکمل نہ ہو سکا، جس کے باعث شہری اس اہم منصوبے کے ثمرات سے محروم ہیں۔ شہر کے اندر سے گزرنے والی ہیوی ٹریفک کے باعث ٹریفک کا دباؤ بڑھنے کے ساتھ حادثات کے خدشات بھی بڑھ رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ٹریفک افسران کی جانب سے حادثات اور ٹریفک مسائل سے متعلق رپورٹس بھی اعلیٰ حکام کو ارسال کی جا چکی ہیں۔ شہریوں اور سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ رنگ روڈ کی تکمیل میں دو سے تین اوور ہیڈ پلوں کی تعمیر رکاوٹ بنی ہوئی ہے، جس کے باعث بھاری گاڑیاں بدستور شہر کے اندر سے گزرنے پر مجبور ہیں۔ رنگ روڈ فعال ہونے سے نہ صرف شہر میں ٹریفک کا دباؤ کم ہوگا بلکہ شہریوں کے سفر کا وقت بھی بچے گا اور حادثات میں کمی لانے میں مدد ملے گی۔ شہریوں کے مطابق رنگ روڈ کے اطراف پیٹرول پمپس، ہوٹلز، ریسٹ ایریاز اور دیگر تجارتی سرگرمیوں کے فروغ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی ہدایت پر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں بزنس فیسلیٹیشن ڈیسک کا باقاعدہ افتتاح

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی ہدایت پر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں بزنس فیسلیٹیشن ڈیسک کا باقاعدہ افتتاح ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈ کوارٹرز اینڈ انفورسمنٹ) صولت حیات وٹو نے کر

دیا۔ اس موقع پر صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری خاور حسین سپال اور چیمبر کے دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔ بزنس فیسلیٹیشن ڈیسک کے قیام کا مقصد سیالکوٹ کی کاروباری برادری کو سرکاری محکموں سے متعلق امور میں مؤثر معاونت فراہم کرنا، مسائل کے حل کے لئے رابطہ کاری کو آسان بنانا اور شکایات کے بروقت ازالے کو یقینی بنانے میں مدد دینا ہے۔

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

گورنر راج کے پی کے کی عوام کیلئے یوم نجات ہے نوید اویسی

پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ پر پاکستان مسلم لیگ (ن) سٹی دیپالپور کے جنرل سیکرٹری نوید اویسی نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ پر وفاقی حکومت کو زبردست مبارکباد پیش کی

حاجی اکبر علی اپنے اہل خانہ کے ہمراہ فیصل آباد پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے

دیپالپور (امام دین نامہ نگار) پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ پر پاکستان مسلم لیگ (ن) سٹی دیپالپور کے جنرل سیکرٹری نوید اویسی نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ پر وفاقی حکومت کو زبردست مبارکباد پیش کی ہے اور وہاں کے عوام کو ملنے والی اس کامیابی کو "یومِ نجات" قرار دیا ہے۔ اپنے ایک جاری کردہ بیان میں پیر نوید اویسی نے کہا کہ صوبے کے عوام طویل عرصے سے بدانتظامی، اقربا پروری اور وسائل کے غلط استعمال کا شکار چلے آ رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ آج خیبر پختونخوا کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر پولیس سروسز فراہم کرنے کا سلسلہ جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر پولیس سروسز فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ موبائل پولیس اسٹیشن اینڈ لائسنسنگ یونٹ نے رجوعہ چوک علاقہ تھانہ سٹی میں شہریوں کی دہلیز پر مختلف پولیس سروسز فراہم کیں۔ اہل علاقہ نے موبائل پولیس اسٹیشن اینڈ لائسنگ یونٹ کی سروسز کو خوب سراہا اور حکومت پنجاب کا شکریہ ادا کیا۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

آر پی او فیصل آباد کا خدمت مرکز کا دورہ، عوامی سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے

آر پی او فیصل آباد کا خدمت مرکز کا دورہ، عوامی سہولیات کا جائزہ لیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ریجنل پولیس آفیسر فیصل آباد انعام الرحمٰن ملک نے خدمت مرکز فیصل آباد کا دورہ کیا اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور سروسز کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انچارج خدمت مرکز نے آر پی او کو مرکز کے امور، طریق کار اور عوام کو فراہم کی جانے والی پولیس سروسز کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ آر پی او انعام (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا نفاذ کوئی آسان اور ہلکا فیصلہ نہیں تھا، یہ ریاست کی مجبوری بن چکا تھا، محمد ارشد قادری

رینالہ خورد (سرفراز انجم سے) مسلم یوتھ آرگنائزیشن انٹرنیشنل PMLNMYO کے پنجاب صدر محمد ارشد قادری نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا نفاذ کوئی آسان اور ہلکا فیصلہ نہیں تھا، یہ ریاست کی مجبوری بن چکا تھا انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی حمایت یافتہ صوبائی حکومت گزشتہ تیرہ سالوں سے خیبر پختونخوا کے غیور عوام کی خدمت کرنے کی بجائے دہشت گردوں کی ساتھی اور سہولت کار بنی رہی۔ صوبے کو دانستہ طور پر بدامنی، کرپشن اور لاقانونیت کی طرف دھکیلا گیا" محمد ارشد قادری نے کہا کہ پی ٹی آئی کے اقتدار میں خیبر پختونخوا کے عوام کا کوئی پرسان حال نہیں تھا صحت، تعلیم، روزگار اور امن و امان سمیت ہر شعبہ تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا تھا۔ عوام بنیادی سہولیات کو ترس رہے تھے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کے قائدین شہدائے پاکستان کے جنازوں میں شرکت کرنا اپنی توہین سمجھتے ہیں۔ جو لوگ اس ملک کے لیے جانوں کا نذرانہ دینے والے شہیدوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

غیر قانونی کمرشلائزیشن اور ناجائز قابضین کے خلاف بھرپور آپریشن جاری

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایف ڈی اے) محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر غیر قانونی کمرشلائزیشن اور ناجائز قابضین کے خلاف بھرپور آپریشن جاری ہے اس سلسلے میں ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے سرسید ٹاؤن میں رہائشی جائیدادوں کو غیر قانونی طور پر کاروباری مقاصد کے لیے استعمال کرنے پر چار پلاٹس سربمہر کر دیے، جبکہ دوسری کارروائی کے دوران احمد نگر میں ایف ڈی اے کی ملکیتی جائیداد پر ناجائز قبضے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے غیر قانونی تعمیرات مسمار کر دی گئیں اور پلاٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

گورنر سندھ نہال ہاشمی اور گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کی دستار بندی، گورنر ہاؤس پنجاب میں سالانہ محفلِ میلاد مصطفیٰؐ کا انعقاد

شیر گڑھ (عمران زاہد کھوکھر) گورنر ہاؤس پنجاب میں سالانہ محفلِ میلاد مصطفیٰؐ نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منعقد ہوئی، جس میں 100 خوش نصیب افراد کو قرعہ اندازی کے ذریعے عمرے کے ٹکٹ دیے گئے۔ تقریب کے دوران مرکزی صدر و بانی پاکستان علماء مشائخ اتحاد کونسل رجسٹرڈ، پیر آف قصور شریف، سجادہ نشین دربارِ عالیہ حضرت خواجہ سید عارف علی شاہ بخاری قصور شریف و دربارِ عالیہ حضرت خواجہ سید شاہ بہرام شاہ بخاری کھیم کرن، انڈیا، الحاج خواجہ پیر سید محمد اسلم شاہ بخاری اور سجادہ نشین دربارِ عالیہ حضرت سید کریم علی شاہ کاظمی، حضرت پیر سید ناظم حسین شاہ کاظمی نے گورنر سندھ نہال ہاشمی اور گورنر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

لڑائی جھگڑے کے واقعات میں چار خواتین سمیت پانچ افراد کو زبردست تشدد کا نشانہ بنا دیا گیا

کاموکے (تحصیل رپورٹر) لڑائی جھگڑے کے واقعات میں چار خواتین سمیت پانچ افراد کو زبردست تشدد کا نشانہ بنا دیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ گذشتہ روز ٹبہ محمد نگر کی رشنی اُسکی والدہ فاطمہ اور بہن سادھوکی کے قریب مارکی میں شادی پر گئیں جہاں سابقہ رنجش پر پاک ٹاؤن کے احمد، اقراء، پروین اور چار نامعلوم افراد نے اُنہیں تشدد کا نشانہ بنا دیا۔ گھریلو ناچاقی پر فیاض ٹاؤن کی آسیہ پر شوہر عاسم علی، ساس جمیلہ اور نند رمشا نے تشدد کیا۔ جبکہ سابقہ رنجش پر گھر میں گھس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

جائیداد کے تنازع پر قبضے کی کوشش، پولیس پر مبینہ جانبداری اور مخالفین سے ساز باز کے الزامات

فیصل آباد (میاں ندیم احمد بیوروچیف) ماموں کانجن میں جائیداد کے تنازع پر قبضے کی مبینہ کوشش، مختلف مقدمات کے اندراج اور پولیس کے مبینہ جانبدارانہ کردار کے خلاف حاجی اکبر علی نے فیصل آباد پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ مخالفین کے ساتھ مبینہ ساز باز کے ذریعے انہیں اور ان کے اہل خانہ کو مختلف مقدمات میں الجھا کر کاروبار اور جائیداد سے محروم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب، آر پی او فیصل آباد، سی پی او فیصل آباد اور دیگر اعلیٰ حکام سے معاملے کا فوری نوٹس لینے اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کروانے کا مطالبہ کیا۔ حاجی اکبر علی نے پریس کانفرنس میں مؤقف اختیار کیا کہ عظیم طاہر، قمر الزمان اور دیگر افراد کے ساتھ جائیداد کے معاملات پر تنازع چلا آ رہا ہے، جس کے حوالے سے سول عدالتوں میں مقدمات بھی زیر سماعت ہیں۔ ان کے مطابق 5 نومبر 2025 کو مبینہ طور پر مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر قبضے کی کوشش کی، جس پر تھانہ ماموں کانجن میں مقدمہ درج کروایا گیا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ بعد ازاں بھی مختلف مقدمات کے ذریعے انہیں اور ان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے اپنے دفتر میں شہریوں کے مسائل سنے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے اپنے دفتر میں شہریوں کے مسائل سنے اور ان کی درخواستوں پر متعلقہ افسران کو قانون و ضابطے کے مطابق فوری کارروائی عمل میں لانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں کی شکایات اور مسائل کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل کو ترجیح دی جائے اور موصولہ درخواستوں پر میرٹ کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

کنزرویٹر فاریسٹ فیصل آباد کا دورہ شورکوٹ، شجرکاری مہم کے تحت پودے لگائے

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) کنزرویٹر فاریسٹ فیصل آباد چوہدری مظہر مسعود نے اپنی معائنہ ٹیم کے ہمراہ شورکوٹ پلانٹیشن کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے سال 2025-26 کے دوران کی گئی شجرکاری کے مقامات کا تفصیلی معائنہ کیا انہوں نے شجرکاری کے کام کی بروقت تکمیل کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے پودوں کی مناسب دیکھ بھال اور حفاظت کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری کیں، جبکہ آئندہ سال کے لیے نئے رقبہ جات پر شجرکاری کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا دورے کے موقع پر کنزرویٹر فاریسٹ چوہدری مظہر مسعود اور گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ ماحولیاتی علوم کے پروفیسر ڈاکٹر محمد رضوان نے شورکوٹ فاریسٹ ریسٹ ہاؤس کے سبزہ زار میں اندادِ سموگ شجرکاری مہم کے تحت ٹیبل پام کے پودے بھی لگائے اس موقع پر چوہدری عادل مظہر، ڈپٹی کنزرویٹر فاریسٹ جھنگ چوہدری انصر رسول اور اسسٹنٹ کنزرویٹر فاریسٹ شورکوٹ رانا ظفر اقبال بھی موجود تھے۔

کنزرویٹر فاریسٹ فیصل آباد کا دورہ شورکوٹ، شجرکاری مہم کے تحت پودے لگائے

چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی چیزیں چُرا لی گئیں

کاموکے (تحصیل رپورٹر) چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی چیزیں چُرا لی گئیں۔ گذشتہ روز واہنڈو کا محمد حسیب گھر کے باہر موٹر سائیکل کھڑی کر کے اندر چلا گیا تو نامعلوم چور اُسکی غیر موجودگی میں موٹر سائیکل چوری کر کے لے گئے۔ چک ہندہ سے عبدالخالق کی پچاس ہزار روپے مالیتی موٹچی چوری ہوگئی۔ جبکہ نواحی گاؤں فیض آباد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

وزیر مملکت موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر شذرہ منصب سے صدر سکھ ان پاکستان سیوا سوسائٹی سردار سرجیت سنگھ کنول کی قیادت میں سکھ برادری کے وفد نے ننکانہ صاحب میں ملاقات کی

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) وزیر مملکت موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر شذرہ منصب سے صدر سکھ ان پاکستان سیوا سوسائٹی سردار سرجیت سنگھ کنول کی قیادت میں سکھ برادری کے وفد نے ننکانہ صاحب میں ملاقات کی، ملاقات میں بابا گورونانک کے جنم دن تقریبات کے انتظامات، اقلیتوں کی فلاح و بہبود اور ننکانہ صاحب میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے گفتگو کی گئی۔ ڈاکٹر شذرہ منصب نے سردار سرجیت سنگھ کنول کو ایگزیکٹو ممبر متروکہ وقف املاک بورڈ پاکستان نامزد ہونے پر مبارکباد دی۔ ڈاکٹر شذرہ منصب نے کہا کہ سکھ برادری نے ہمیشہ پاکستان کا ساتھ دیا ہے، نومبر میں بابا گورونانک کے جنم (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

وزیر مملکت موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر شذرہ منصب سے صدر سکھ ان پاکستان سیوا سوسائٹی سردار سرجیت سنگھ کنول کی قیادت میں سکھ برادری کے وفد نے ننکانہ صاحب میں ملاقات کی

عظیم الشان محفل عظمت پنجتن پاک کے سلسلہ میں عاشقان رسول صل اللہ علیہ وآلہ وسلم مرکزی میلاد کمیٹی اور انجمن تو گیروی میلاد کمیٹی کے زیر اہتمام منعقد

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) حجرہ شاہ مقیم کے نواحی علاقہ قصور و دیپالپور روڈ موضع بوتھنہ میں عظیم الشان محفل عظمت پنجتن پاک کے سلسلہ میں عاشقان رسول صل اللہ علیہ وآلہ وسلم مرکزی میلاد کمیٹی اور انجمن تو گیروی میلاد کمیٹی کے زیر اہتمام منعقد ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق، قصور و دیپالپور روڈ موضع بوتھنہ میں عظیم الشان محفل عظمت پنجتن پاک کے سلسلہ میں عاشقان رسول صل اللہ علیہ وآلہ وسلم مرکزی میلاد کمیٹی اور انجمن تو گیروی میلاد کمیٹی کے زیر اہتمام منعقد ہوئی۔ عظمت پنجتن پاک محفل میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سرپرستی قبلہ حضرت خواجہ غلام رسول تو گیروی نے کی، عظمت پنجتن پاک محفل میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سرپرستی قبلہ حضرت خواجہ غلام رسول تو گیروی نے کی، زیر صدارت و خصوصی خطاب سرمایہ اہلسنت والجماعت فخر تو گیروی قبلہ پیر علامہ غلام محمد فخر الدین دامت برکاتہم العالیہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

سیالکوٹ اور گردونواح میں زہر بیچنے کا سلسلہ جاری، مضر صحت آئس کریم نے بچوں، خواتین، بزرگوں کو بیمار کرنا شروع کر دیا

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) سیالکوٹ اور گردونواح میں زہر بیچنے کا سلسلہ جاری، مضر صحت آئس کریم نے بچوں، خواتین، بزرگوں کو بیمار کرنا شروع کر دیا، آئس کریم کے نام پر شہریوں میں بیماریوں کے دعوت نامے بانٹے جانے لگے۔ گوجرانوالہ کے مختلف علاقوں میں مضر صحت، غیر معیاری اور ملاوٹی آئس کریم کی بلا روک ٹوک فروخت جاری ہے، جس کے نتیجے میں متعدد بچے، خواتین، بزرگ اور نوجوان بیمار ہونے لگے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ آئس کریم فروش حفظان صحت کے اصولوں کی صریحاً خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ کھلے عام گندگی میں تیار کی گئی آئس کریم فروخت کی جا رہی ہے، جس میں نہ معیار کا خیال رکھا جا رہا ہے، نہ صفائی کا۔ بدبودار دودھ، ناقص فلیورز اور کیمیکلز سے تیار شدہ آئس کریم مہنگے داموں بیچی جا رہی ہے۔ متعدد مقامی کلینکس میں فوڈ پوائزننگ، قے، دست اور بخار کے مریضوں کی تعداد میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے۔

سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے: میاں مزمل حسین جوئیہ ایڈووکیٹ

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے: میاں مزمل حسین جوئیہ ایڈووکیٹ تفصیلات کے مطابق میاں مزمل حسین جوئیہ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ سرکاری ہسپتالوں میں بنیادی سہولیات اور ادویات کی عدم دستیابی کے باعث مریض مشکلات کا شکار ہیں۔ مہنگائی کے باعث غریب اور متوسط طبقے کے لیے نجی علاج ناقابلِ برداشت ہو چکا ہے، اس لیے حکومت سرکاری ہسپتالوں میں مفت ادویات، ڈاکٹروں کی موجودگی اور معیاری طبی سہولیات یقینی بنائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ہسپتالوں میں سہولیات اور ادویات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 55)

چیئرمین بورڈ اشتیاق احمد گوندل کی ہدایات پر وزیراعلیٰ پنجاب اور صوبائی وزیر تعلیم کے وژن کے مطابق امتحانی مراکز کی چیکنگ کا سلسلہ جاری

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) چیئرمین بورڈ اشتیاق احمد گوندل کی ہدایات پر وزیراعلیٰ پنجاب اور صوبائی وزیر تعلیم کے وژن کے مطابق امتحانی مراکز کی چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد امتحانی عمل کو شفاف اور ہر قسم کی بے ضابطگی سے پاک بنانا ہے تاکہ طلبہ کو میرٹ کی بنیاد پر اپنی صلاحیتیں منوانے کے یکساں مواقع میسر آ سکیں۔ ان خیالات کا اظہار کنٹرولر امتحانات سید محمد وحید الزمان ہمدانی اور سیکرٹری بورڈ پروفیسر عدیل مالک چیمہ نے امتحانی سنٹرز کی چیکنگ کے دوران کیا۔ کہا کہ بہاول پور بورڈ کو ایک مثالی اور ماڈل تعلیمی بورڈ بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانا بورڈ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ امتحانی مراکز کی چیکنگ کے ذریعے انتظامات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ چیئرمین بورڈ کی ہدایات کے مطابق امتحانی عمل کی مؤثر نگرانی کے ذریعے اس امر کو یقینی بنایا جا رہا ہے کہ کسی بھی امیدوار کے ساتھ امتیازی سلوک نہ ہو۔ سیکرٹری بورڈ پروفیسر عدیل مالک چیمہ کا کہنا ہے کہ امتحانی نظام پر عوامی اعتماد کی بحالی کے لیے شفافیت اور میرٹ ناگزیر ہے۔ چیئرمین بورڈ کی قیادت میں بہاول پور بورڈ کو ایسا مثالی ادارہ بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے جو پیشہ ورانہ ذمہ داری، بہتر انتظامی صلاحیت اور غیر جانبدارانہ امتحانی عمل کے حوالے سے ایک نمایاں مثال بنے اور بہاول پور بورڈ کو ایک مثالی، قابلِ اعتماد اور معیاری تعلیمی ادارہ بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالا ہنٹر کالجیٹ وانٹر سکولز کھیلوں کے مقابلہ جات 2026-27 کی افتتاحی تقریب

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالا ہنٹر کالجیٹ وانٹر سکولز کھیلوں کے مقابلہ جات 2026-27 (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 53)

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالا ہنٹر کالجیٹ وانٹر سکولز کھیلوں کے مقابلہ جات 2026-27 کی افتتاحی تقریب کے مناظر

پیغام رسانی کے قدیم ذرائع کی یادگار اوکاڑہ کا تاریخی ڈاکخانہ عدم توجہی کے باعث زبوں حالی کا شکار ہو گیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) پیغام رسانی کے قدیم ذرائع کی یادگار اوکاڑہ کا تاریخی ڈاکخانہ عدم توجہی کے باعث زبوں حالی کا شکار ہو گیا۔ عمارت کی بوسیدہ دیواریں، جگہ جگہ سے اکھڑتا پلستر اور شکستگی اس کی خستہ حالی کی عکاسی کر رہے ہیں، جبکہ صفائی کے ناقص انتظامات اور مختلف حصوں میں گندے پانی کے ٹھہراؤ نے ماحول کو بھی ناگوار بنا دیا ہے۔ ڈاکخانے کے اطراف گندگی اور تعفن کے باعث ڈاک کے حصول کے لیے آنے والے شہریوں اور فرائض انجام دینے والے ملازمین کو مشکلات کا سامنا ہے۔ عمارت کی موجودہ حالت اس امر کی متقاضی ہے کہ متعلقہ حکام فوری توجہ دیتے ہوئے مرمت، صفائی اور نکاسی آب کے مؤثر انتظامات کریں تاکہ شہریوں کو بہتر ماحول فراہم کیا جا سکے۔ اوکاڑہ میں جاری بیوٹیشن سرگرمیوں کے تناظر میں شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ تاریخی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

حاجی مہر محمد مالک نے اسلم چوک، صابر کوٹ، نزد عباس پیٹرولیم، لالہ موسیٰ میں *اللہ ھو رینٹ اے کار اینڈ پارکنگ* کا افتتاح کر دیا

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) لالہ موسیٰ اللہ ھو رینٹ اے کار اینڈ پارکنگ کا افتتاح حاجی مہر محمد مالک نے اسلم چوک، صابر کوٹ، نزد عباس پیٹرولیم، لالہ موسیٰ میں *اللہ ھو رینٹ اے کار اینڈ پارکنگ* کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر ایم ڈی مہر خلیل اور شاید گجر نے آنے والے تمام مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر ایم ڈی مہر خلیل اور شاید گجر نے کہا کہ اللہ ھو رینٹ اے کار اینڈ پارکنگ پر ہر ماڈل کی گاڑیاں دستیاب ہیں۔ شادی بیاہ، پکنک اور دیگر تقریبات کے لیے گاڑیاں 24 گھنٹے فراہم کرنے کی سہولت موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ صارفین کو بہترین سہولیات فراہم کرنا ان کی اولین ترجیح ہے۔

ڈسکہ SHO تھانہ سٹی انسپکٹر نعمان احمد بٹر کی بڑی کارروائی، چوری کی وارداتوں میں ملوث تین رکنی گینگ گرفتار

ڈسکہ (رانا وحید خان ڈویژنل بیورو چیف ڈسکہ) ڈسکہ میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف پولیس کی کارروائیاں جاری ہیں۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کی قیادت میں جرائم کے خاتمے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اسی سلسلے میں ایس ایچ او تھانہ سٹی ڈسکہ انسپکٹر نعمان احمد بٹر اور ان کی پولیس ٹیم نے اہم کارروائی کرتے ہوئے چوری کی وارداتوں میں مبینہ طور پر ملوث تین رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق کارروائی ایس ڈی پی او سرکل ڈسکہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 54)

تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہو گیا

کاموکے (تحصیل رپورٹر) تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہو گیا۔ گذشتہ شام نواحی گاؤں تلے عالی کا تیس سالہ یونس موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہو گیا۔ دیگر ٹریفک حادثات میں سلامت پورہ کا چالیس سالہ محمد خاور، فیصل ٹاؤن کا اٹھارہ سالہ محمد بشارت، پینتیس سالہ لیٹین، سادھوکی کا چالیس سالہ امجد اور واہنڈو کا بتیس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 52)

ملزمان کی گرفتاری اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات جاری

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے تحت سیف سٹی جھنگ، ضلعی پولیس اور کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (CCD) کے باہمی اشتراک اور مربوط حکمت عملی کے نتیجے میں جرائم کی روک تھام، ملزمان کی گرفتاری اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات جاری ہیں دستیاب اعداد و شمار کے مطابق، سیف سٹی کے زیر نگرانی علاقوں میں جرائم میں 95 فیصد تک کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ سیف سٹی جھنگ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے جرائم کی روک تھام اور پولیس کی معاونت میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ شہر کے اہم مقامات، شاہراہوں اور داخلی و خارجی راستوں پر نصب جدید سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے مسلسل نگرانی کی جاتی ہے، جبکہ آٹومیٹک نمبر پلیٹ ریکگنیشن (ANPR) اور فیشل ریکگنیشن (FR) سسٹمز جرائم سے متعلق شواہد کے حصول، مشتبہ افراد اور گاڑیوں کی شناخت اور پولیس کی تفتیش میں معاونت فراہم کرتے ہیں۔ سیف سٹی جھنگ کی جانب سے 400 سے زائد کیسز میں ضلعی پولیس کو اہم شواہد اور تکنیکی معاونت فراہم کی جا چکی ہے، جس کے نتیجے میں متعدد ملزمان کو گرفتار کیا گیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

عقیدہ ختمِ نبوت دینِ اسلام کے بنیادی اور قطعی عقائد میں شامل ہے، حاجی عبدالرشید

کاموکے (تحصیل رپورٹر) جمعیت علماء پاکستان تحصیل کاموکے کے صدر حاجی عبدالرشید نے کہا ہیں کہ عقیدہ ختمِ نبوت دینِ اسلام کے بنیادی اور قطعی عقائد میں شامل ہے۔ ہر مسلمان کا ایمان ہے کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں، آپ ﷺ کے بعد نبوت کا دروازہ ہمیشہ کے لیے بند ہو چکا ہے۔ ختمِ نبوت کا عقیدہ صرف ایک مذہبی تصور نہیں بلکہ مسلمان کے ایمان کی بنیاد ہے، جس پر پوری امتِ مسلمہ کا اتفاق ہے۔ حضور نبی کریم ﷺ کی ذاتِ اقدس سے محبت مسلمان کے دل کی سب سے بڑی دولت ہے۔ آپ ﷺ رحمت للعالمین بنا کر تشریف لائے اور آپ ﷺ نے انسانیت کو امن، عدل، محبت، بھائی چارے، حسنِ اخلاق اور احترامِ انسانیت کا درس دیا۔ اس لیے ایک مسلمان کے لیے اپنے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کی عزت و ناموس انتہائی مقدس اور محترم ہے۔ حرمتِ رسول ﷺ کے معاملے میں ہر مسلمان کے جذبات قابلِ احترام ہیں۔ توہینِ رسالت ﷺ جیسے حساس اور سنگین معاملے پر ریاستی اداروں، عدالتوں، علمائے کرام اور ذمہ دار شہریوں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ قانون کے مطابق کارروائی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45)

نواب نول کرکٹ کلب، چنیوٹ موڑ، فیصل آباد روڈ جھنگ کے زیر اہتمام مختلف ٹیموں کے درمیان کرکٹ میچ کا انعقاد

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) نواب نول کرکٹ کلب، چنیوٹ موڑ، فیصل آباد روڈ جھنگ کے زیر اہتمام مختلف ٹیموں کے درمیان کرکٹ میچ کا انعقاد کیا گیا، جس میں شائقین کرکٹ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی مہر حاکم علی خان نول ایڈووکیٹ، سابق ایس پی لیگل ساؤتھ پنجاب ملتان تھے، جنہوں نے فاتح ٹیم کے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں اور انعامات تقسیم کیے۔ اس موقع پر مہر حاکم علی خان نول ایڈووکیٹ نے کہا کہ کھیل صحت مند معاشرے کی تشکیل، نوجوانوں کی مثبت سرگرمیوں کے فروغ، نظم و ضبط اور باہمی اتحاد کا اہم ذریعہ ہیں۔ کرکٹ نوجوانوں میں ٹیم ورک، برداشت اور مقابلے کا جذبہ پیدا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو منفی سرگرمیوں سے دور رکھنے اور ان کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور کھیلوں کے فروغ کے لیے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 46)

ایف جی پبلک سکول ٹرسٹ کالونی برانچ، ریجنل ڈائریکٹر لیفٹیننٹ کرنل محمد بابر نے امتحانی ہال کا افتتاح کیا

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) ایف جی پبلک سکول ٹرسٹ کالونی برانچ، ریجنل ڈائریکٹر لیفٹیننٹ کرنل محمد بابر نے امتحانی ہال کا افتتاح کیا زرائع کے مطابق ایف جی پبلک سکول نمبر 1 بوائز ٹرسٹ کالونی بہاول پور کے امتحانی ہال کے تزئین و آرائش کا افتتاح ریجنل ڈائریکٹر بہاول پور ریجن لیفٹیننٹ کرنل محمد بابر نے کیا اس موقع پر ایف جی ٹو سکول کے پرنسپل، وائس پرنسپل اور فیکلٹی کے تمام افراد موجود تھے سکول انتظامیہ نے ریجنل ڈائریکٹر کا اس اہم پراجیکٹ میں خصوصی دلچسپی لینے کے لئے ان کا شکریہ ادا کیا بعد ازاں ریجنل ڈائریکٹر نے اساتذہ سے خطاب کرتے ہوئے انہیں اپنے فرائض منصبی بہتر طریقے سے ادا کرنے کی ہدایت کی۔

صحافی حافظ حسنین رضا کی دعوت ولیمہ کی تقریب، سیاسی سماجی کاروباری مذہبی، صحافتی شخصیات اور سرکاری آفیسر سمیت سینکڑوں افراد کی شرکت

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) صحافی حافظ حسنین رضا کی دعوت ولیمہ کی تقریب، سیاسی سماجی کاروباری مذہبی، صحافتی شخصیات اور سرکاری آفیسر سمیت سینکڑوں افراد کی شرکت۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ انچارج حافظ حسنین رضا اور ان کے چھوٹے بھائی چوہدری حسان کی دعوت ولیمہ کے موقع پر رکن صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر، چوہدری غلام رضا ربیرہ، سابق رکن قومی اسمبلی محمد عارف چوہدری، سابق ایم پی اے چوہدری منیب الحق، معروف کاروباری شخصیت بانی چیئرمین آف کامرس اینڈ انڈسٹری چوہدری ارشد اقبال، صدر غلہ منڈی چوہدری حب

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

پختونخوا میں ایمرجنسی کے بعد مخصوص اضلاع کیلئے ایڈمنسٹریٹر تعینات

وفاقی حکومت کی جانب سے کے پی کے میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد صوبے کے انتظامی ڈھانچے میں بڑی تبدیلی آ گئی ہے۔ صدر آصف علی زرداری کی جانب سے منظوری کے بعد گورنر فیصل کریم کنڈی کی سربراہی میں 11 رکنی مشاورتی کونسل قائم کر دی گئی ہے، جبکہ وفاقی حکومت نے فوج کو سول انتظامیہ کی معاونت کے لیے تعینات کرنے کی بھی اجازت دے دی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس فیصلے کے 3 اہم پہلو سامنے آئے ہیں، جن میں صوبائی انتظامی اختیارات کی منتقلی، انسدادِ دہشت گردی کی پالیسی پر وفاق اور پاکستان تحریک انصاف کے درمیان اختلافات اور گورنر راج کے آئینی جواز پر ممکنہ قانونی تنازع شامل ہے۔ واضح رہے کہ صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی منظوری گزشتہ روز (11 اکتوبر کو) دی گئی اور وفاقی حکومت نے اس اقدام کا جواز صوبے کی بگڑتی ہوئی سکیورٹی صورتِ حال اور دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں میں صوبائی حکومت کے عدم تعاون کو قرار دیا ہے۔ دوسری جانب پی ٹی آئی نے اس فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے اسے جمہوری مینڈیٹ اور صوبائی خودمختاری کے خلاف اقدام قرار دیا ہے۔ صوبے کی موجودہ صورت حال میں اہم پیش رفت 11 رکنی ٹیکنوکریٹ مشاورتی کونسل کا قیام ہے۔ کونسل کے ارکان نے اپنے اپنے انتظامی شعبوں کی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ کونسل میں مالیات، داخلہ، قانون، تعلیم، صحت، توانائی، صنعت، مواصلات اور دیگر محکموں سے متعلق ذمہ داریاں تقسیم کی گئی ہیں، جبکہ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کونسل کی سربراہی کر رہے ہیں۔ اس پیش رفت کا بنیادی اور آسان مطلب یہ ہے کہ ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد صوبائی امور چلانے کے لیے ایک نیا انتظامی بندوبست تشکیل دے دیا گیا ہے، جس میں گورنر کو مشاورتی کونسل کی معاونت حاصل ہوگی، تاہم اس بندوبست کے عملی نتائج کا تعین آنے والے دنوں میں سرکاری فیصلوں، انتظامی احکامات اور عدالتی کارروائیوں سے ہوگا۔ وزارتِ داخلہ نے آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت خیبر پختونخوا میں پاک فوج کے اہلکاروں اور وسائل کو سول انتظامیہ کی معاونت کے لیے استعمال کرنے کی اجازت دی ہے۔ نوٹیفکیشن میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ، سرکاری تنصیبات کی حفاظت اور امن و امان سے متعلق ذمہ داریوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فوجی تعیناتی کی مدت ایمرجنسی اور گورنر راج سے متعلق اعلان کے دورانیے سے منسلک ہے، جبکہ تعینات کیے جانے والے اہلکاروں اور وسائل کی تعداد گورنر، جنرل ہیڈکوارٹرز کے متعلقہ شعبے سے مشاورت کے بعد طے کریں گے۔ یہاں ایک اہم فرق سمجھنا ضروری ہے کہ فوج کی سول انتظامیہ کی معاونت کے لیے تعیناتی اور صوبے میں گورنر راج کا نفاذ دو الگ آئینی و انتظامی اقدامات ہیں۔ دونوں کے قانونی جواز اور عملی دائرہ کار کو متعلقہ احکامات کی روشنی میں الگ الگ دیکھا جائے گا۔ وفاقی حکومت نے ایمرجنسی کے لیے آرٹیکل 232 اور گورنر راج کے لیے آرٹیکل 234 کا سہارا لیا ہے۔ دونوں دفعات کا تعلق غیر معمولی حالات میں ریاستی اختیارات کے استعمال سے ہے، تاہم ان کے قانونی تقاضے ایک جیسے نہیں ہیں۔ گورنر راج اور ایمرجنسی کے بعد مخصوص اضلاع کے لیے گریڈ 20 کے آفیسر محمد یحییٰ اخونزادہ کو ایڈمنسٹریٹر تعینات کر دیا گیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق محمد یحییٰ اخونزادہ وفاقی حکومت کی ہدایات کے مطابق مخصوص 12 اضلاع کی ایڈمنسٹریشن کے امور دیکھیں گے۔ مذکورہ 12 اضلاع میں 8 ضم قبائلی اضلاع، مہمند، خیبر، باجوڑ، کرم، اورکزئی، شمالی وزیرستان، جنوبی وزیرستان اپر اور جنوبی وزیرستان لوئر کے ساتھ 4 بندوبستی اضلاع ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، بنوں اور لکی مروت شامل ہیں۔ ان کے ساتھ ایڈیشنل آئی جی پی اور دیگر افسروں کی تقرری بھی کی جائے گی۔ محمد یحییٰ اخونزادہ کو وفاق سے خیبر پختونخوا میں تعینات کر دیا گیا۔ نئے تعینات ہونے والے ایڈمنسٹریٹر محمد یحییٰ اخونزادہ اس سے قبل وزیراعظم آفس میں ایڈیشنل سیکریٹری تعینات تھے۔ انکا تعلق چارسدہ سے ہے۔ پختونخوا میں ایمرجنسی؛ گورنر راج کے بعد اب کیا ہوگا؟ اہم حقائق سامنے آ گئے واضح رہے کہ محمد یحییٰ اخونزادہ اس سے پہلے ایڈیشنل پولیٹیکل ایجنٹ ساؤتھ اور نارتھ وزیرستان، سیکرٹری ہیلتھ، انفارمیشن اور ایجوکیشن خیبر پختونخوا اور کمشنر ڈیرہ اسماعیل خان بھی رہ چکے ہیں۔ محمد یحییٰ اخونزادہ کی تعیناتی تاحکمِ ثانی مؤثر رہے گی۔ انکی خدمات سول سرونٹس ایکٹ 1973 کے سیکشن 10 کے تحت خیبر پختونخوا حکومت کے سپرد کی گئی ہیں۔

سنتِ نبوی ﷺ کی سائنسی توجیح

پیارے نبی ﷺ کی ہر ہر سنت میں ایسی حکمت اور دانائی ہے کہ سائنس بھی عش عش کر اٹھتی ہے کیا آپ جانتے ہیں کہ اللہ کے آخری رسول ﷺ نے سونے سے پہلے 3 مرتبہ بستر جھاڑنے اور دائیں کروٹ سونے اور سونے سے پہلے وضو کا حکم کیوں دیا اس پر سائنسدانوں نے ریسرچ کی تو اس کے نتائج نے سب کو حیرت میں ڈال دیا، ایسی بات کہہ دی کہ آپ بھی بے اختیار سبحان اللہ کہہ اٹھیں گے چونکہ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جس میں زندگی کے ہر پہلو سے متعلق رہنمائی موجود ہے اور ہمارے پیارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آج سے 14 سو سال قبل جو سنت اختیار کی تھی اور ان پر عمل پیرا ہونے کا حکم دیا تھا آج سائنس بھی ان احکامات کو درست تسلیم کر رہی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات اور سنت سے یہ ثابت ہے کہ سونے سے قبل اپنے بستر کو تین بار جھاڑ لینا چاہئے۔ بظاہر تو ایسا نظر آتا ہے کہ اس حکم کا مقصد بستر پر کیڑے مکوڑوں یا کسی اور نقصان دہ چیز سے صاف کرنا ہے لیکن سائنسی تحقیق میں ایسا ہوشربا انکشاف ہوا ہے کہ آپ بھی دنگ رہ جائیں گے اور بے اختیار سبحان اللہ کہہ اٹھیں گے کہ کس طرح نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کریم نے 14 سو سال پہلے ہی انسانیت کو بچاؤ کی تدابیر بتا دیں۔ آج سائنس کہتی ہے کہ انسانی جسم میں میٹابولزم کا عمل 24 گھنٹے جاری رہتا ہے جس کے باعث سنکڑوں نئے سیل بنتے اور پرانے ٹوٹتے ہیں۔ حیران کن بات یہ ہے کہ سونے کے دوران جسم میں ٹوٹنے والے سیل بستر ہی پر گر جاتے ہیں جو انتہائی چھوٹے ہونے کے سبب نظر نہیں آتے۔ اگر بستر کو بغیر جھاڑے اس پر سونے کیلئے لیٹ جائیں تو یہ مردہ سیل جسم میں داخل ہو کر کئی مہلک بیماریوں کا سبب بنتے ہیں اور سائنس نے بھی یہ ہی ثابت کیا ہے کہ ان مردہ سیلوں کو صاف کرنے کیلئے بستر کو کم از کم تین بار جھاڑنا لازمی ہوتا ہے اور ایسا کرنے سے خطرہ ٹل جاتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سوتے ہوئے دائیں کروٹ پر لیٹنے کا حکم بھی دیا ہے اور اس ضمن میں سائنس کا کہنا ہے کہ ایسا کرنے سے دل پر دباؤ بہت کم ہوتا ہے جس کے باعث دل صحیح بہتر طریقے سے کام کرتا ہے اور سونے کے دوران بھی پورے جسم کو خون کی سپلائی بہترین انداز میں ہوتی ہے جبکہ دل کے دورے کے خطرات بھی کم ہو جاتے ہیں اس کے علاوہ دائیں کروٹ پر سونے سے معدہ بھی اوپر کی جانب ہوتا ہے اور اسے رات میں کھائی جانے والی غذا کو ہضم کرنے میں آسانی ہوتی ہے۔ رات سونے کے دوران معدے میں موجود غذا اچھی طرح ہضم ہوتی ہے جس کے باعث انسان بیدار ہونے پر خود کو تر و تازہ محسوس کرتا ہے اور تیزابیت بھی نہیں ہوتی ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احکامات کے مطابق سونے سے قبل باوضو ہو کر سونے کا حکم دیا گیا ہے۔ عشاء کی نماز سے قبل دانتوں کو مسواک کرنے یا برش کرنے اور پھر باوضو حالت ہی میں سونے کا حکم موجود ہے اس کی سائنسی توجیح آج کے سائنسدان یہ پیش کرتے ہیں کہ رات میں دانت صاف کرنے کے سبب انسان دانتوں کی بیماریوں کے ساتھ ساتھ دل کی مہلک بیماریوں سے اور معدے کی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔ منہ میں موجود کھانے کے ذرات کو اگر سونے سے پہلے صاف نہ کیا جائے تو وہ جراثیموں کا سبب بنتے ہیں۔ رات میں وضو کے بعد کچھ نہ کھانے پینے کا بھی حکم ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سونے سے قبل جب انسان وضو کرتا ہے تو اپنا مثانہ پیشاب سے خالی کر لیتا ہے جس کے سبب انسان گردوں کی بھی کئی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے یقیناً پیارے نبی ﷺ کی ہر ہر سنت میں شفا ہے۔

یمن جنگ اور سعودی پالیسی، چند اہم سوالات

مشرقِ وسطیٰ کی سیاست میں طاقت کا کھیل کوئی نئی بات نہیں لیکن جب علاقائی بالادستی کی خواہش انسانی زندگیوں سے زیادہ اہم ہو جائے تو سوال اٹھانا ناگزیر ہو جاتا ہے۔ یمن میں جاری جنگ اسی تلخ حقیقت کی عکاسی کرتی ہے۔ سعودی عرب اور یمنی حوثیوں کے درمیان برسوں سے جاری کشمکش اب ایک ایسے مرحلے میں داخل ہو چکی ہے، جہاں حملوں اور جوابی حملوں کا دائرہ وسیع ہوتا جا رہا ہے۔

حوثیوں نے ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حملوں کی ذمے داری قبول کی ہے۔ سعودی حکام کے مطابق ان حملوں میں تین شہری جاں بحق اور متعدد زخمی ہوئے جب کہ سعودی ایئرلائنز کے ایک طیارے کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ دوسری جانب سعودی فضائیہ نے اپنے اتحادیوں کی معاونت سے 130 سے زائد فوجی اہداف کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے۔ نقل مکانی، پروازوں کی منسوخی اور فضائی سفر سے متعلق بڑھتے ہوئے خدشات اس امر کی نشان دہی کرتے ہیں کہ جنگ اب محض سرحدی تنازع نہیں رہی بل کہ پورے خطے کے امن اور استحکام کے لیے خطرہ بنتی جا رہی ہے۔

لیکن اس صورتِ حال میں سب سے اہم سوال یہ نہیں کہ کس فریق نے کتنے اہداف تباہ کیے۔ اصل سوال یہ ہے کہ اس جنگ نے یمن کو کیا دیا اور سعودی عرب اپنے اعلان کردہ مقاصد میں کس حد تک کامیاب ہوا؟ اگر برسوں کی عسکری مداخلت کے باوجود جنگ ختم نہیں ہو سکی، یمن کے عوام بدامنی اور بے یقینی سے نجات حاصل نہیں کر سکے اور خطرات اب خود سعودی سرزمین تک پہنچ رہے ہیں تو پھر اس حکمتِ عملی کی کامیابی کے دعووں کا ازسرِنو جائزہ لینا ضروری ہے۔ جنگ شروع کرنا نسبتاً آسان ہو سکتا ہے لیکن اس کے سیاسی، معاشی اور انسانی نتائج سے نمٹنا کسی بھی ریاست کے لیے مشکل ترین مرحلہ ہوتا ہے۔ یمن کا جغرافیہ اس تنازعے کو غیر معمولی اہمیت دیتا ہے۔ بحیرہ احمر اور باب المندب کے قریب واقع یہ ملک عالمی بحری تجارت کے ایک اہم راستے سے جڑا ہوا ہے۔ یہاں عدم استحکام پیدا ہونے کا مطلب صرف یمنی شہریوں کی مشکلات میں اضافہ نہیں بل کہ عالمی تجارت اور علاقائی سلامتی کے لیے بھی نئے خطرات ہیں۔ حوثیوں کی پیش قدمی اور سعودی حمایت یافتہ یمنی حکومتی افواج کی جوابی کارروائیوں نے اس خطے کو مسلسل تصادم کی لپیٹ میں رکھا ہے۔ تاہم بنیادی حقیقت یہ ہے کہ عسکری کارروائیاں کسی ملک کے سیاسی مسائل کا مستقل حل نہیں ہوتیں۔ جب تک تنازعے کی جڑوں کو سمجھنے اور متعلقہ فریقوں کو سیاسی عمل میں شریک کرنے کی سنجیدہ کوشش نہیں کی جاتی، اس وقت تک فتح کے اعلانات محض عارضی کامیابیوں کا تاثر پیدا کرتے رہیں گے۔ سعودی عرب کو مسلم دنیا میں ایک نمایاں مذہبی، سیاسی اور معاشی مقام حاصل ہے۔ حرمین شریفین کی سرزمین ہونے کے باعث اس مملکت سے وابستہ توقعات عام ریاستوں سے مختلف ہیں۔ اس حیثیت کا تقاضا ہے کہ سعودی قیادت اختلافات کے حل، مسلم ممالک کے درمیان مفاہمت اور انسانی جانوں کے تحفظ میں مثال قائم کرے لیکن جب علاقائی مسائل کا جواب مسلسل عسکری دباؤ اور طاقت کے استعمال میں تلاش کیا جائے تو اس کردار پر سوالات اٹھنا فطری ہے۔ مذہبی مرکزیت اور سیاسی اثر و رسوخ کسی ریاست کو تنقید سے بالاتر نہیں کرتے بل کہ جتنا بڑا اختیار ہوتا ہے اتنی ہی بڑی ذمے داری بھی عائد ہوتی ہے۔ سعودی عرب کے پاس وسیع معاشی وسائل، عالمی طاقتوں سے روابط اور بین الاقوامی سفارت کاری میں اثر و رسوخ موجود ہے۔ امریکہ کے ساتھ قریبی تعلقات، عرب لیگ اور خلیجی تعاون کونسل میں اہم حیثیت اور مسلم دنیا میں سیاسی وزن اسے تنازعات کے حل کے لیے مؤثر کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ ایسے میں یہ سوال اپنی جگہ موجود ہے کہ یمن کے معاملے میں سفارت کاری کو فیصلہ کن راستہ بنانے کے بجائے فوجی قوت پر اتنا انحصار کیوں کیا گیا؟ اگر مقصد یمن میں ایک مستحکم سیاسی نظام کا قیام اور سعودی سرحدوں کا تحفظ تھا تو کیا طویل جنگ نے ان مقاصد کو حقیقت کے قریب پہنچایا؟ یا اس نے ایک ایسے بحران کو جنم دیا جس کے اثرات اب خود سعودی سلامتی کے لیے بھی تشویش کا باعث بن رہے ہیں؟ ان سوالات کا جواب محض سرکاری بیانات سے نہیں بل کہ زمینی حقائق اور جنگ کے نتائج سے دیا جانا چاہیے۔ اس تنازعے میں ایران کی علاقائی پالیسی کو بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ 1979 کے انقلاب کے بعد ایران نے مشرقِ وسطیٰ میں اپنا اثر و رسوخ بڑھانے کی کوشش کی۔ دوسری جانب سعودی عرب نے اسے اپنی علاقائی حیثیت اور سلامتی کے لیے چیلنج سمجھا۔ یمن اسی وسیع تر رقابت کا ایک اہم میدان بن گیا۔ تاہم سعودی عرب اور ایران کی کشمکش کو صرف مذہبی اختلافات کا نام دینا حقیقت سے صرفِ نظر کرنے کے مترادف ہوگا۔ اس کے پیچھے سیاسی مفادات اور تزویراتی راستوں پر اثر و رسوخ اور علاقائی قیادت کی خواہش بھی کارفرما ہے۔ جب ریاستیں اپنے سیاسی مقاصد کو مذہبی شناخت کے ساتھ جوڑ دیتی ہیں تو اختلافات مزید گہرے ہو جاتے ہیں اور ان کا خمیازہ عام مسلمان بھگتتے ہیں۔ یمن کے عوام کو اس بات سے غرض نہیں کہ علاقائی طاقتوں میں کون برتر ثابت ہوتا ہے۔ ان کی بنیادی ضرورت امن، تحفظ، روزگار اور ایک قابلِ عمل سیاسی نظام ہے۔ انھیں ایک ایسی قیادت درکار ہے جو ان کے مستقبل کو علاقائی رقابت کی بھینٹ چڑھانے کے بجائے ان کی مشکلات کم کرنے کے لیے عملی اقدامات کرے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ حوثیوں کی جانب سے شہریوں اور غیر فوجی تنصیبات کو نشانہ بنانے والے حملوں کو کسی صورت جائز قرار نہیں دیا جا سکتا۔ اسی طرح سعودی عرب اور اس کے اتحادیوں کی کارروائیوں کا جائزہ بھی انسانی جانوں کے تحفظ اور بین الاقوامی قانون کے معیار پر لیا جانا چاہیے۔ کسی فریق کی غلطی دوسرے فریق کو غیر محدود طاقت استعمال کرنے کا جواز فراہم نہیں کرتی۔ جنگ میں ہر فریق اپنی کارروائیوں کو دفاع، سلامتی یا قومی مفاد کا نام دے سکتا ہے لیکن اصل سوال یہ ہے کہ ان اقدامات کے نتیجے میں بے گناہ انسانوں کی زندگیوں پر کیا گزرتی ہے اور کیا ان کے ذریعے پائیدار امن کی کوئی بنیاد قائم ہوتی ہے؟ یمن کا بحران اس تلخ حقیقت کو آشکار کرتا ہے کہ علاقائی طاقتیں اکثر اپنے مفادات کے تحفظ کو ترجیح دیتے ہوئے ان معاشروں کو نظرانداز کر دیتی ہیں جو ان کی رقابت کا میدان بن جاتے ہیں۔ بے گھر خاندان، تباہ حال بستیاں، معاشی بدحالی اور مستقبل سے محروم نسلیں کسی بھی جنگ کی اصل قیمت ہیں۔ یہ قیمت نہ فوجی کامیابیوں کے اعداد و شمار میں پوری طرح دکھائی دیتی ہے اور نہ ہی سیاسی تقاریر میں اس کا مناسب اعتراف کیا جاتا ہے۔ اگر جنگ کے اختتام پر ایک ملک پہلے سے زیادہ کمزور، تقسیم شدہ اور غیر مستحکم ہو تو اسے کامیابی قرار دینا مشکل ہے۔ اب سعودی عرب کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی پالیسی کا سنجیدگی سے محاسبہ کرے۔ علاقائی قیادت کا مطلب یہ نہیں کہ ہر اختلاف کو قوت کے ذریعے دبایا جائے۔ حقیقی قیادت وہ ہے جو تصادم کے باوجود مذاکرات کے دروازے کھلے رکھے۔ ایران کو بھی اپنے علاقائی مفادات کی خاطر یمن کے بحران کو طول دینے سے گریز کرنا چاہیے جب کہ حوثیوں کو بھی مسلح کارروائیوں کے بجائے سیاسی مفاہمت کا راستہ اختیار کرنا ہوگا۔ اقوامِ متحدہ کی نگرانی میں قابلِ عمل جنگ بندی، جامع مذاکرات اور یمن کی خودمختاری کا احترام ہی اس تنازعے سے نکلنے کی بنیاد بن سکتے ہیں۔ سعودی عرب کو یہ فیصلہ کرنا ہے کہ کیا وہ مشرقِ وسطیٰ میں اپنی حیثیت کو عسکری قوت کے ذریعے مستحکم کرنے کی کوشش جاری رکھنا چاہتا ہے یا ایک ایسی ذمے دار علاقائی قیادت کا کردار ادا کرنا چاہتا ہے جو اپنے اثر و رسوخ کو تنازعات کے حل اور پائیدار امن کے قیام کے لیے استعمال کرے؟ حرمین شریفین سے وابستہ نسبت محض اعزاز نہیں بل کہ ایک اخلاقی ذمے داری بھی ہے۔ اس ذمے داری کا تقاضا ہے کہ انسانی جانوں، مسلم دنیا کے اتحاد اور ہمسایہ ممالک کے استحکام کو سیاسی رقابت پر ترجیح دی جائے۔ تاریخ میں حقیقی عظمت اس ریاست کو حاصل ہوتی ہے جو جنگ جیتنے کے بجائے جنگ روکنے کا حوصلہ دکھائے۔ یمن جنگ آج بھی اسی فیصلے کا منتظر ہے۔



GOVERNMENT OF THE PUNJAB
TECHNICAL EDUCATION & VOCATIONAL TRAINING AUTHORITY
GOVERNMENT COLLEGE OF TECHNOLOGY
Hota Road Pakpattan
Web site: www.tevta.gop.pk Email: gct.ptn@tevta.gop.pk

VISITING FACULTY REQUIRED

Visiting Faculty for Academic Session-2026-27 is required for various disciplines. Detail is as under:-

Sr. #	Posts	Shift	Eligibility
1	Lecturer Islamiyat	Morning	M.A Islamic Studies/BS 04-Years or equivalent
2	Lecturer Chemistry	Morning	M.Sc. (Chemistry)/BS Chemistry 04-Years or equivalent
3	Lecturer Mathematics	Morning	M.Sc. (Math)/BS Math 04-Years or equivalent
4	Lecturer Physics	Morning	M.Sc. (Physics)/BS Physics 04-Years or equivalent
5	Lecturer English	Morning	MA English/BS English 04-Years or equivalent
6	Instructor (Computer Information Technology)	Morning	M.Sc. Computer Science, MCS/BCS, BS IT 04-Years or equivalent
7	Instructor (HVACR)	Morning	B.Sc Mechanical with 01 year Experience
8	Lab Technician (HVACR Technology)	Morning	DAE HVACR Technology with01 year Experience
9	Lab Technician (CIT)	Morning	DAE CIT with 01 year Experience

Instructions:-
1. Faculty will be hired as per TEVTA Service Regulation-2011 (Amended on 2016).
2. These posts are purely temporary and are only for a Academic Session (2026-27).
3. The contract is not extendable as per Govt. Policy.
4. No. of posts may be increased or decreased on basis of teaching load.
5. Competent Authority has right to cancel the process at any stage following the guidelines of Authority.
6. Only short listed candidates will be called for interview.
7. No TA/DA will be paid for interview session.
8. Application bearing the clear name of posts along with all attested copies of relevant documents should reach the office of Principal Govt. College of Technology (Boys), Pakpattan. through courier/Registered Dakupto 28.10.2026 before 12:30 PM.
9. Incomplete Applications or received after due date will not be considered.
10. Only post qualification experience will be considered.

PRINCIPAL
GOVT. COLLEGE OF TECHNOLOGY
Hota Road, PAKPATTAN
Mobile No. 0300-5594844

GOVERNMENT OF THE PUNJAB
TECHNICAL EDUCATION & VOCATIONAL TRAINING AUTHORITY
GOVERNMENT COLLEGE OF TECHNOLOGY
Hota Road Pakpattan
Web site: www.tevta.gop.pk Email: gct.ptn@tevta.gop.pk

آسامیاں خالی ہیں

گورنمنٹ آف دی پنجاب، ٹیکنکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (TEVTA) کے زیر انتظام گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی پاکپتن میں درج ذیل آسامیاں (عارضی/ جزوقتی) کے لئے موزوں امیدواران سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ خواہشمند امیدوار مقررہ شرائط کے مطابق اپنی درخواست بمعہ تمام متعلقہ دستاویزات آخری تاریخ تک کالج آفس میں جمع کرائیں۔

نمبر شمار	نام آسامی	سکیل	تعداد آسامیاں	عمر کی حد	اہلیت/ تعلیمی قابلیت
1	جونیئر کلرک	11	2	18-40 سال تک	D.Com, F.Sc, FA + کمپیوٹر لٹریٹ + 2 سال کا تجربہ
2	سٹور کیپر	11	1	18-40 سال تک	D.com, I.com + کمپیوٹر لٹریٹ + 1 سال کا تجربہ
3	بس ڈرائیور	4	2	18-35 سال تک	مڈل + HTV لائسنس + 2 سال کا تجربہ
4	کار ڈرائیور	4	1	18-35 سال تک	مڈل + LTV لائسنس + 2 سال کا تجربہ
5	سٹور انٹینڈنٹ	1	1	18-35 سال تک	مڈل
6	نائب قاصد	1	4	18-35 سال تک	مڈل
7	سکیورٹی گارڈ	1	1	18-35 سال تک	مڈل
8	سویپر	1	2	18-35 سال تک	-
9	کنڈکٹر	1	2	18-35 سال تک	لٹریٹ

اہم ہدایات:
1. تجربہ اور اہلیت کا تعین TEVTA کے موجودہ قواعد ضوابط کے مطابق کیا جائے گا۔
2. خواہشمند امیدوار اپنی CV / درخواست بمعہ تعلیمی اسناد، تجربہ سرٹیفکیٹ، قومی شناختی کارڈ اور دیگر متعلقہ دستاویزات کی مصدقہ نقول آخری تاریخ تک کالج آفس میں جمع کرائیں۔
3. نامکمل یا مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔
4. امیدوار کو کسی بھی قسم کا کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔

درخواست جمع کروانے کی آخری
28 اکتوبر 2026

پرنسپل
گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی، بوتہ روڈ، پاکپتن
فون نمبر: 0300-5594844

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب ڈونگہ بونگہ

عنوان اخبار اشتہار تقسیم کھاتہ ID.26BWP002013801AD کھاتہ نمبر 2 کھتونی 49 تا 2 موضع کھیتر انوالہ تحصیل بہاولنگر بعنوان محمد انصاف وغیرہ پسران وزیر احمد اقوام سکھیرا سکنہ موضع کھیتر انوالہ تحصیل ضلع بہاولنگر مقدمہ زیر سماعت ہے مسئول علیہ فریق دوئم نور نبی ولد محمد یوسف۔ محمد یعقوب وغیرہ ولد سردار علی۔ اقوام سکھیرا۔ گلاب علی ولد حاکم علی۔ محمد شاہیر جاوید ولد جاوید اختر۔ محمد افضل ولد محرم علی امام بخش ولد جان محمد اقوام جوئیہ۔ محمد عنصر ولد محمد اشتاق۔ محمد یٰسین ولد جان محمد۔ محمد اسلم ولد محمد علی۔ عبدالرزاق ولد محمد حنیف۔ غلام فاطمہ دختر فتح محمد اقوام وٹو محمد یٰسین ولد باغ علی ذات چشتی باغ علی ولد غلام علی ذات راجپوت کلوکا۔ سکینہ بی بی ذوجہ محمد ارشد ذات کھوکھر سکنان موضع کھیتر انوالہ کو متعدد بار نوٹس بھیجنے کے بوجود عدالت ھذا میں حاضر نہ آئے ہیں اخبار اشتہار دیا جاتا ہے مورخہ 15-10-2026 سے پہلے اگر کسی عدالت کی طرف سے اگر کوئی حکم امتناعی جاری شدہ ہو تو عدالت میں حاضر آ کر مطلع کریں دفتر زیر دستخطی اصالتاً یا وکالتاً حاضر آویں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جاوے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

(مہر عدالت) (دستخط آفیسر مجاز)

Cr..Donga

بعدالت جناب زمان علی رانجھا صاحب سول جج درجہ اول ماڈل ٹاؤن کورٹ لاہور

دعوی تقسیم جائیداد
عنوان فرحان مصطفیٰ وغیرہ بنام عوام الناس
پتہ سائل فرحان مصطفیٰ ولد غلام مصطفیٰ ساکن مکان نمبر B/172 محلہ رضوان سٹریٹ غوثیہ پارک اچھرہ لاہور
اشتہار بنام۔ عوام الناس
بنام مدعا علیہم
ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعلیہ/ مدعا علیہم تعمیل سمن سگریزاں بیان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 12-10-2026 کو بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Yousaf

بعدالت جناب سول جج/ جج فیملی کورٹ قصور

ریحانہ بی بی بنام وارث علی
دعویٰ۔ دلاپانے خرچہ نان نفقہ۔ اشتہار بنام؛۔ وارث علی صابری ولد غلام سرور صابری سکنہ بھیکی ڈاکخانہ خاص رائیونڈ ضلع لاہور مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن/ نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر مدعا علیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہٰذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 15-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً و کالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگر ان کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب ایڈمنسٹریٹر صاحب یونین کونسل اٹاری سروبہ 242 فیروز پور روڈ لاہور

مقدمہ تنسیخ نکاح ڈگری FMD82-2026
فریق اول فرح جبیں دختر محمد صدیق ساکن سلمان پارک اسماعیل نگر چونگی امرسدو لاہور
فریق دوئم محمد عمیر شہزاد ولد محمد شریف ساکن اوگالی تحصیل و ضلع خوشاب
طلاق زیر دفعہ 7(1)، مسلم قوانین مجریہ 1961
مقدمہ عنوان بالا اول نے ڈگری تنسیخ نکاح عدالت سے حاصل کی ہے جس پر فریقین کو نوٹس حاضری جاری کیے گئے لیکن فریق دوئم کسی بھی سماعت پر حاضر نہ ہوئی فریق دوئم کی اسان ذرائع سے تعمیل ممکن نہ ہے لہٰذا فریق دوئم، فرح جبین دختر محمد صدیق کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ
مورخہ 13-10-2026 بوقت 9 بجے صبح کو اصالتاً و کالتاً عدالت ہذا میں پیش ہو کر اپنا موقف بیان کریں بصورت دیگر طلاق موثر سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا بعد میں کوئی عزر قابل قبول نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائی گی مہر عدالت دستخط آج یونین کونس 242 سے جاری ھوا

Cr..Yousaf

بعدالت جناب ایڈمنسٹریٹر صاحب یونین کونسل 242 اٹاری سروبا فیروز پور روڈ لاہور

نوٹس طلاق
مقدمہ نمبر FMD79-2026
عنوان محمد یاسین ولد محمد یعقوب ساکن گجومتہ لاہور کینٹ لاہور
اشتہار بنام فریق دوئم نازیہ دختر محمد صابر بھٹی ساکن مکان نمبر ایک گلی نمبر 21 اتحاد پارک بینک سٹاپ لاہور
یہ کہ فریق اول مذکورہ زیر دفعہ 7 مسلم فیملی لا 1961 کے تحت طلاق نوٹس بھیجا ہر گاہ ضمن میں متعدد نوٹس بغرض تشکیل ثالثی کونسل جاری کیے مگر اسان ذرائع سے تعمیل نہ ہو سکی اور اب بذریعہ اخبار اشتہار نازیہ دختر محمد صابر بھٹی کیا جاتا ہے کہ
مورخہ 13-10-2026 بوقت 9 بجے دن کا بمقام دفتر یونین ہذا ہمراہ سال سے کونسل نمائندہ حاضر اوے بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور طلاق سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا مطلع رہیں اج دستخط عدالت و مہر یونین کونسل 242 سے جاری ہوا

Cr..Yousaf

بعدالت جناب غلام محمد سرفراز صاحب سول جج/ جج فیملی کورٹ قصور

اقصیٰ بی بی بنام محمد ابراہیم
دعویٰ۔ دلاپانے۔ اشتہار بنام؛۔ محمد ابراہیم ولد محمد صدیق سکنہ کوٹ اعظم خاں چوک کالج روڈ قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن/ نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر مدعا علیہ حاضر عدالت نہ آیا ہ

بعدالت جناب محترمہ صائمہ پرویز بٹ صاحبہ سول جج/جج فیملی کورٹ قصور

اسماء صفدر بنام عطاء الحسن

دعویٰ۔ولاپانے خرچہ نان نفقہ۔اشتہار بنام؛۔عطاء الحسن ولد سیف اللہ سکنہ مین بازار محلہ انور کالونی چونیاں ضلع قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن/نوٹس طلب کیا گیا۔مگر مدعا علیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 19-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت نائب جناب تحصیلدار صاحب ڈونگہ بونگہ

انتقال وراثت موضع رتی رامپورہ تحصیل بہاولنگر میرے روبرو برائے منظوری پیش ہوا غلام رزاق بیٹا متوفی حاضر آکر بیانی ہے کہ میرا والد محمد حنیف ولد محمد دین ذات راجپوت بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے جس کا انتقال وراثت درج کروایا ہے متوفی کے ورثاء میں سات بیٹے غلام مجدد۔غلام رزاق۔غلام رسول سرفراز۔محمد سلیم۔محمد خالق۔غلام مصطفیٰ۔غلام فرید زندہ حیات ہیں بیوی شمیم عالم اور والدین متوفی پہلے سے فوت شدہ ہیں انتقال وارثت منظور کرانا چاہتا ہے دیگر کوئی وارث درج نہ کرایا ہے اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو یا کوئی وارث محروم کیا گیا ہو تو اندرسات یوم دفتر زیر دستخطی اصالتاً یا وکالتاً حاضر آکر جواب داخل کریں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی

(مہر عدالت) (دستخط آفیسر مجاز)

Cr..Donga

بعدالت نائب جناب تحصیلدار صاحب بہاولنگر

انتقال وراثت مواضعات سوئی والہ۔کشن گڑھ تحصیل بہاولنگر میرے روبرو برائے منظوری پیش ہوا زبیدہ بیگم بیٹی متوفیہ حاضر آکر بیانی ہے کہ میری والدہ جنت بی بی بیوہ محمد سردار/دختر علی محمد ذات پیرزاد بقضائے الٰہی فوت ہو چکی ہے جس کا انتقال وراثت درج کروایا ہے متوفیہ کے ورثاء میں تین بیٹے محمد یوسف۔محمد منصب۔محمد یونس چار بیٹیاں قریشاں بی بی۔زلیخاں بی بی۔خورشیداں بی بی۔زبیدہ بیگم زندہ حیات ہیں خاوند اور والدین متوفیہ پہلے سے فوت شدہ ہیں انتقال وارثت منظور کرانا چاہتی ہے دیگر کوئی وارث درج نہ کرایا ہے اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو یا کوئی وارث محروم کیا گیا ہو تو اندرسات یوم دفتر زیر دستخطی اصالتاً یا وکالتاً حاضر آکر جواب داخل کریں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی

(مہر عدالت) (دستخط آفیسر مجاز)

Cr..Donga

بعدالت جناب طالب حسین طالب صاحب نائب تحصیلدار/بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ رقیہ خانم دختر اصغر علی چک نمبر 54 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔متوفیہ کے وارثان میں اصغر علی والد، خدیجہ بی بی والدہ، محمد شفیع خاوند پہلے فوت شدگان، محمد ناصر پسر بعد فوت شد، محمد شاہد انور پسر، ثریا بی بی، ناصرہ ندیم دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے۔ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب محمد نواز صاحب سینئر سول جج سیالکوٹ

عفت کوثر بنام عوام الناس

عفت کوثر بیوہ محمد منیر قوم جٹ گوندل ساکن موضع بھاگووال تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ حال مقیم جناح ٹاؤن شہر سیالکوٹ

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین

اخبار اشتہار بنام: عوام الناس

ہرگاہ درخواست مندرجہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے۔لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 21-10-2026 کو عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کر سکتے ہیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی بعد میں کوئی عذر و قابل قبول نہ ہوگا۔ بحکم عدالت ہذا۔

CR Arshad Tabbasum

بعدالت جناب انعم چوہدری صاحبہ اے ڈی ایل جی/چیئرمین ثالثی کونسل و مصالحتی عدالت حلقہ 210 فیصل ٹاؤن لاہور

نوعیت مقدمہ: طلاق زیر دفعہ 7 مسلم عائلی قوانین مجریہ 1961ء

عنوان: سلیم احمد بنام مسماۃ اقراء ارشد

بنام: اقراء ارشد دختر محمد ارشد ساکن مکان نمبر 1B4 بلاک این ماڈل ٹاؤن لاہور آپ کو مقدمہ عنوان بالا میں متعدد بار نوٹس جاری کئے گئے تھے، جس کے باوجود آپ حاضر نہیں ہوئے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار نوٹس جاری کیا جاتا ہے کہ اگر آپ بتقرر 28-10-2026 کو حاضر نہ ہوئے تو آپ کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

اے ڈی ایل جی صاحب/چیئرمین ثالثی کونسل و مصالحتی عدالت حلقہ 210 فیصل ٹاؤن

لیٹ اندراج پیدائش برائے ریکارڈ یونین کونسل نمبر 37 اسلام پورہ

مملکت بلال اظہر کیانی، مشیر وزیراعظم ہارون اختر اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔اجلاس کو پیداواری شعبے میں ٹیکس نگرانی کے نظام پر بریفنگ دی گئی۔اجلاس کو بتایا گیا کہ چینی، سیمنٹ، تمباکو، ٹائلز اور کھاد کے شعبوں میں نظام مکمل طور پر نصب کیا جا چکا ہے۔اجلاس کو مزید بتایا گیا

بقیہ	سحر	7

دی۔بریفنگ ورچوئل اثاثوں کے جامع ریگولیٹری فریم ورک کے قیام میں پاکستان کی پیش رفت اور عالمی مالیاتی نظام میں آنے والی تبدیلیوں سے پیدا ہونے والے مواقع کے بارے میں تھی۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ بلاک چین، اسٹیبل کوائنز اور ٹوکنائزیشن تیزی سے عالمی ادائیگیوں، سرمایہ کاری اور کیپیٹل مارکیٹس کا حصہ بن رہے ہیں۔

بقیہ	سحر	8

۔اپنے ایک پیغام میں وزیرِاعظم نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی اور کہا کہ ریاض میں موجود پاکستانی سفارت خانہ سعودی حکام کے ساتھ قریبی رابطے میں ہے اور متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکنہ مدد کر رہا ہے۔

بقیہ	سحر	9

ایمرجنسی کے سوا کوئی آپشن نہیں بچا تھا۔انسٹی ٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے پاکستان تحریک انصاف کے احتجاج کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ دھرنوں اور احتجاج کے سبب معیشت کو شدید نقصان پہنچتا ہے۔انھوں نے اپنی تقریر میں افغانستان میں طالبان حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا افغانستان سے صرف ایک مطالبہ ہے کہ وہ اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہونے دے، افغانستان میں کالعدم ٹی ٹی پی اور دیگر دہشتگردوں کی موجودگی خطے کے امن کے لیے خطرہ ہے۔پاکستان کے وزیر خارجہ نے افغان طالبان پر الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ وہ 'دہشتگردوں کو اسلحے سمیت ہر قسم کی امداد دینا بند کریں۔

بقیہ	سحر	10

تجاوز کرنے کی توقع ہے جو ملکی معیشت کی بحالی پر اعتماد کی عکاسی کرتی ہے۔پیر کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم "ایکس" پر ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مسلسل اصلاحات، سرمایہ کاری کے فروغ اور نجکاری کے اقدامات کے ذریعے پاکستان ایک مضبوط، مستحکم اور پائیدار معاشی مستقبل کی جانب بڑھ رہا ہے۔

بقیہ	سحر	11

کو سہولتیں فراہم اور صنعتی ترقی کو تیز کرنے کے لیے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ساتھ مل کر کام کرے گی، کاروباری برادری کو پالیسی سازی اور معاشی فیصلوں میں شامل کرنا ضروری ہے کیونکہ صنعت وتجارت سے وابستہ افراد زمینی حقائق اور کاروباری مسائل کو بہتر طور پر سمجھتے ہیں

بقیہ	سحر	12

علماء پاکستان، سنی علما کونسل، اہل سنت والجماعت اور دیگر دینی جماعتوں کے قائدین نے سعودی عرب کے شہری ہوائی اڈوں اور تنصیبات پر حوثی باغیوں کے میزائل اور ڈرون حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے انہیں کھلی دہشت گردی، بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی اور عالمِ اسلام کے امن وسلامتی پر حملہ قرار دیا ہے۔

بقیہ	سحر	13

سخت قانونی کارروائی کا فیصلہ کیا ہے۔ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے اینٹی ریپ ایکٹ کے تحت 7 مقدمات کے مدعیان اور گواہوں کے خلاف مقدمات درج کرنے کا حکم جاری کر دیا۔پولیس ترجمان کے مطابق ڈی آئی جی علی وسیم نے کہا ہے کہ جنسی زیادتی کے جھوٹے الزامات لگا کر مقدمات درج کرانے اور بعد ازاں بڑی رقوم کے عوض ملزمان کے حق میں بیانات دیکر مقدمات ختم کرانے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ جنسی زیادتی جیسے سنگین جرم کا جھوٹا الزام لگا کر ذاتی مفادات حاصل کرنے اور قانون کا غلط استعمال کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہوگی۔ڈی آئی جی اسلام آباد کے مطابق اس اقدام کا مقصد قانون کے غلط استعمال کی حوصلہ شکنی اور عدالتی وانتظامی سطح پر انصاف کی فراہمی یقینی بنانا ہے، حقیقی متاثرین کو انصاف فراہم کرنا اور خواتین سمیت تمام شہریوں کے حقوق کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ	سحر	14

اور برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلقات باہمی اعتماد اور خیرسگالی پر مبنی ہیں۔ملاقات میں پاکستان اور لبنان کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ دینے اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ	سحر	15

مشتمل موبائل ہیلتھ پروگرام شروع ہوگیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سوشل سیکیورٹی موبائل ہیلتھ پروگرام کا افتتاح کیا۔موبائل ہیلتھ پروگرام سے لاہور، قصور اور شیخوپورہ میں 46 لاکھ سے زائد صنعتی ورکرز اور ان کے خاندان کا علاج ان کی دہلیز پر ہوگا۔

بقیہ	سحر	16

اچکزئی نے کہا کہ مجھے کہتے ہیں محمود خان نہیں ملنا چاہتا، میں ملنا چاہتا ہوں اور ہر جگہ مل لوں گا مگر وزیر اعظم ہاؤس اور اسپیکر آفس میں نہیں ملوں گا۔انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کو رونے کی بھی اجازت نہیں، یہ مینڈیٹ بھی چوری کرتے ہیں رونے بھی نہیں دیتے، ہم آئین کا رونا رو رہے تھے کہ انہوں نے صوبے میں گورنر راج وایمرجنسی لگادی،

بقیہ	سحر	17

کردیئے۔حکومت پنجاب کی کسی بھی سکیم میں پہلی بار 13 لاکھ سے زائد نوجوانوں کی رجسٹریشن کی گئی۔سی ایم ای بائیکس سکیم کے لئے درخواستیں جمع کرانے کا عمل مکمل ہوگیا۔سی ایم ای بائیکس سکیم کے لئے 6 لاکھ 7 ہزار سے زائد درخواستیں جمع ہوئی۔

بقیہ	سحر	18

حکام کے مطابق اسپیکر کے پی اسمبلی بابر سلیم سواتی بھی زیر حراست رہنماؤں میں شامل ہیں۔پولیس حکام کے مطابق پی ٹی آئی کے صوبائی صدر جنید اکبر اور دیگر بھی حراست میں ہیں۔

بقیہ	سحر	19

گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس دہشت گردی کے خلاف شہادتیں دے رہی ہے، پولیس، آرمی اور مشاورتی کونسل نے مل کر کام کرنا ہے۔

بقیہ	سحر	20

سالگرہ پر مبارکباد دی ہے۔پیر کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پیغام میں صدر مملکت نے پاکستان اور دنیا بھر میں آغا خان ڈویلپمنٹ نیٹ ورک اور آغا خان فاؤنڈیشن کی صحت، تعلیم، خواتین کو بااختیار بنانے اور پائیدار ذرائع معاش کے شعبوں میں قابل قدر خدمات کو سراہا۔صدر مملکت نے پرنس رحیم آغا خان کی اچھی صحت اور لوگوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لیے ان کی کوششوں میں مسلسل کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ	سحر	21

تحویل میں لیا گیا ہے۔مختلف مقدمات میں مطلوب افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہوگی، جبکہ جن افراد کا کوئی مجرمانہ ریکارڈ نہیں اور وہ کسی مقدمے میں مطلوب نہیں ہیں، انہیں بالکل رہا کر دیا جائے گا۔نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے

بقیہ	سحر	22

کا خواہاں ہے۔چینی وفد نے صنعتی ترقی، انفراسٹرکچر، سیاحت، الیکٹرک وہیکلز، ریلوے، توانائی اور شہری ترقی کے شعبوں میں سرمایہ کاری میں بھی دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہارون اختر خان نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے چین کے ساتھ تعاون کے وژن کو عملی شکل دی جارہی ہے۔

بقیہ	سحر	23

کا تحفظ، قابل برداشت قیمتیں اور پائیداری ایک ساتھ آگے بڑھنا ضروری ہیں۔وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے سعودی وزیر توانائی شہزادہ عبدالعزیز بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی دعوت پر اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ	سحر	24

پائلٹ میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور سٹوڈنٹ پائلٹ کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے شہدا کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے

بقیہ	سحر	25

درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ کے موقع پر دوطویل المدتی ثقافتی اقدامات کا اعلان کیا گیا۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق اس موقع پر شوہانگ بک ہاؤس اسلام آباد پبلک ریڈنگ اسٹیشن کا باضابطہ افتتاح کیا گیا، جس سے چینی اور پاکستانی عوام کے درمیان مطالعے، سیکھنے اور باہمی تبادلے کے لیے ایک مستقل مرکز قائم ہوگیا۔

بقیہ	سحر	26

مواقع پیدا کرنے کا سفر جاری رکھیں گے۔وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت دانش آئی ٹی پارک اسلام آباد کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے

بقیہ	سحر	27

پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے انتشار اور محاذ آرائی کی سیاست کو مسترد کر دیا ہے، صوبے میں امن وامان کے قیام، دہشت گردی کے خاتمے اور عوام کی ترقی وخوشحالی کے لیے ہر ممکن تعاون اور موثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ	سحر	28

ملاقات میں کہا گیا کہ کرپشن فری ماحول مقامی وغیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ، معاشی ترقی اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافے کے لیے ناگزیر ہے۔نائب صدر لاہور چیمبر چودھری خادم حسین بھی اس موقع پر موجود تھے۔اجلاس میں کہا گیا کہ سرکاری محکموں سے کرپشن کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ	سحر	29

آگئے۔پاک فوج کے ہاتھوں افغانستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی اور ہلاکتوں کی عالمی سطح پر بھی تصدیق ہوگئی ہے۔دی پالیسی ڈائجسٹ کی خصوصی رپورٹ کے مطابق امریکی خفیہ ایجنسی (سی آئی اے) کی سابق ٹارگٹنگ افسر سارہ ایڈمز نے بھی افغانستان میں دہشت گردوں کے مراکز کی تصدیق کر دی۔سارہ ایڈمز نے بتایا کہ پکتیکا اور کنڑ میں تین اہم مراکز پر پاک فوج کی کارروائی میں فتنہ الخوارج کے 19 دہشتگرد ہلاک اور 11 سے زائد زخمی ہوئے

بقیہ	سحر	30

بلوچ سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اپنے وعدے کے مطابق جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن سے ملاقات کرنا چاہتے ہیں۔دریں اثنا وزیراعظم اور امیر جماعت اسلامی کی ملاقات سے قبل مذاکراتی کمیٹیوں کے اجلاس کا امکان ہے۔

بقیہ	سحر	31

ہوئے کہا ہے کہ سیرت النبیؐ نے انصاف، باہمی احترام اور مکالمے کا درس دیا ہے، سیرت النبیؐ کی تعلیمات عالمی امن، انصاف اور اقوام کے مابین پل تعمیر کرنے کے لیے رہنمائی فراہم کرتی ہیں، مذہبی اور سیاسی اختلافات کو مکالمے کے ذریعے حل کیا جاسکتا ہے، پاکستان نے مشرق وسطیٰ میں قیامِ امن اور عالمی سطح پر تنازعات کے حل کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہے

بقیہ	سحر	32

صورتحال میں اس کے علاوہ اور کوئی آپشن نہیں تھا، مولانا فضل الرحمان پی ٹی آئی کو قائل کرنے میں ناکام رہے، مذاکرات اور دھمکیاں ایک ساتھ نہیں چل سکتے، بھارتی میڈیا مولانا فضل الرحمان کے بیان کو پاکستان کے خلاف استعمال کر رہا ہے۔

بقیہ	سحر	33

کی جانب گامزن ہے اور زرعی شعبہ بھی بہتر کارکردگی دکھا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان 10 ارب ڈالر کے ایکسچینج اسٹیبلائزیشن فنڈ سے متعلق بات چیت جاری ہے، اگر یہ سہولت حاصل ہوجاتی ہے تو پاکستان کے لیے بڑی مدد ثابت ہوگی

بقیہ	سحر	34

رحم وکرم پہ چھوڑ دیا جائے وہاں ایمرجنسی ہی ہوتی ہے، جو وزیراعلیٰ قومی ترانے اور جھنڈے کے احترام سے عاری ہو، وہ قابل نفرت ہوتے ہیں۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت نے 13 سال میں اس صوبے کو کیا دیا؟ پی ٹی آئی حکومت نے کے پی کے عوام کے ساتھ کیا سلوک کیا یہ روز روشن کی طرح عیاں ہے۔

بقیہ	سحر	35

کے مطابق کمشنر بنوں خالد محمود کو کمشنر پشاور تعینات کر دیا گیا، جبکہ تعیناتی کے منتظر احمد علی شاہ کو کمشنر مردان مقرر کیا گیا ہے۔اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ سابق سیکرٹری ڈیرہ اسماعیل خان سمیع اللہ کو کمشنر بنوں تعینات کر دیا گیا، جبکہ ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ شاکر اللہ کو کمشنر ہزارہ مقرر کیا گیا ہے۔اسی طرح وفاقی جوائنٹ سیکرٹری اقبال حسین کو کمشنر ملاکنڈ تعینات کرنے کے احکامات جاری کئے گئے ہیں۔دوسری جانب ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پرویز کشر کو عہدے سے ہٹا دیا گیا ہے، جبکہ کمشنر پشاور ریاض خان محسود اور کمشنر مردان حبیب اللہ کو اوایس ڈی بنا دیا گیا ہے۔اعلامیے کے مطابق کمشنر ہزارہ شاہد اللہ اور کمشنر ملاکنڈ مسعود احمد کو اسٹیبلشمنٹ ڈویژن میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے

بقیہ	سحر	36

کے مقامات پر سیکیورٹی انتظامات مزید سخت کرنے کی ہدایت کی گئی، اس کے علاوہ غیر ملکی شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے سیکیورٹی آڈٹ اور خطرات کا جائزہ (تھریٹ اسیسمنٹ) لازمی طور پر مکمل کرنے پر زور دیا گیا۔

بقیہ	سحر	37

کردی کے مقدمے میں وکلا کی ملزمان سے جیل میں ملاقات کرانے کا حکم دے دیا۔انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرانے کیس کی سماعت کی، اس موقع پر ڈاکٹر شیریں مزاری، ایڈووکیٹ ریاست علی آزاد اور ایڈووکیٹ ایمل خان عدالت میں پیش ہوئے۔عدالت نے ریاست علی آزاد، زینب جنجوعہ اور ایمل خان کی ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ سے جیل میں ملاقات کرانے کی ہدایت کی۔

بقیہ	سحر	38

نئے اسٹینڈنگ آرڈر سے متصادم ہوں۔دستاویز کے مندرجات سے واضح ہوتا ہے کہ نئے نظام میں امیگریشن فیصلوں کو زبانی کارروائی کے بجائے باقاعدہ ڈیجیٹل ریکارڈ، تحریری فیصلے، رسک بیسڈ جانچ، افسر کی ذمہ داری اور IBMS میں مکمل ریکارڈنگ سے منسلک کیا گیا ہے۔

بقیہ	سحر	39

، پشاور صدر، پیپلز منڈی بازار اور یونیورسٹی روڈ پر تجارتی سرگرمیاں بحال ہوگئیں۔رنگ روڈ، سرکلر روڈ اور دیگر شاہراہوں پر بھی ٹریفک معمول کے مطابق رواں دواں رہی، تاہم خیبر روڈ ٹریفک کے لئے بند ہے۔پشاور میں موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس بحال ہونا شروع ہوگئی تاہم تعلیمی ادارے، اسکول، کالجز اور جامعات بند رہے۔پشاور میں پیر کو ہونے والے میٹرک کے ضمنی امتحانات بھی ملتوی کردیئے گئے۔

بقیہ	سحر	40

اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے سیکیورٹی فورسز نے خارجی کو ہلاک کیا، علاقے میں خوارج کی موجودگی اور نقل وحرکت پر مسلسل کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گردوں کے خلاف جاری آپریشنز ان کے نیٹ ورکس تباہ کرنے اور نقل وحرکت محدود کرنے میں موثر ثابت ہو رہے ہیں۔سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ	سحر	41

اور گورنر راج کے نفاذ پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے شوکت یوسف زئی نے وفاقی حکومت کے فیصلے کو مسترد کر دیا اور کہا کہ عوامی راج ہٹا کر کوئی بھی راج کامیاب نہیں ہوسکتا کیونکہ عوام کے بھاری مینڈیٹ سے قائم ہونے والی حکومت کا متبادل کوئی راج نہیں ہے۔

بقیہ	سحر	42

کے مطابق ڈی آئی جی علی وسیم نے کہا ہے کہ جنسی زیادتی کے جھوٹے الزامات لگا کر مقدمات درج کرانے اور بعد ازاں بڑی رقوم کے عوض ملزمان کے حق میں بیانات دے کر مقدمات ختم کرانے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ	سحر	43

ملک کو تباہی کی طرف دھکیل رہا ہے۔عارف علوی نے ملک میں سیاسی کارکنوں اور منتخب نمائندوں کے ساتھ مبینہ ناروا سلوک پر بھی تنقید کی اور کہا کہ منتخب پی ٹی آئی نمائندوں کو اغوا اور تشدد کا نشانہ بنایا جارہا ہے جبکہ قانون کی حکمرانی کمزور پڑ رہی ہے۔انھوں نے بلوچستان اور کشمیر کے حالات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پرامن احتجاج کو طاقت کے ذریعے دبانے کی پالیسی اب خیبر پختونخوا تک پھیلائی جارہی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی اور اس کے حامی پرامن سیاسی جدوجہد جاری رکھیں گے۔سابق صدر نے کہا کہ عمران خان تشدد کے خلاف ہیں اور ان کی جماعت ہر صورت آئینی اور پرامن راستہ اختیار کرے گی۔انھوں نے حکومت کے اقدامات پر کڑی تنقید کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ عمران خان اور ان کے حامی سیاسی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ	سحر	44

ملک بھجوانے کا جھانسہ دینے والے گینگ کو گرفتار کرلیا گیا۔اسلام آباد پولیس کے مطابق گرفتار کیے جانے والے ملزمان میں نعمان، فاطمہ سرور اور عائزہ شامل ہیں۔ایف آئی آر کے مطابق ملزمان نے امریکی ویزا اور اسکالرشپ دلوانے کے نام پر مبینہ خودکشی کرنے والی لائبہ اعجاز سے 93 لاکھ روپے لیے، لائبہ کو جعلی اسکالرشپ، یونیورسٹی کے آفر لیٹرز اور فیس کی رسیدیں بھی دی گئیں۔امریکا میں اعلیٰ تعلیم اور اسکالرشپ کا خواب فراڈ ثابت ہونے پر شدید مالی نقصان اور ذہنی اذیت کا سامنا کرنے والی لائبہ نے 9 اکتوبر کو مبینہ طور پر گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کی تھی۔دوسری جانب پولیس اور ایف آئی اے نے تحقیقات کا دائرہ وسیع کردیا ہے اور فراڈ میں مزید افراد کے ملوث ہونے کے امکان پر تفتیش جاری ہے۔

بقیہ	سحر	45

کو برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے موسمیاتی تبدیلی اور آبادی میں تیز رفتار اضافے کو بڑے چیلنجز قرار دیتے ہوئے آفات سے نمٹنے کی تیاری، پیشگی انتباہی نظام اور قابلِ عمل موسمیاتی منصوبوں کی تیاری کے لیے تکنیکی معاونت کی ضرورت پر زور دیا۔ملاقات میں ڈیجیٹل مہارتوں اور روزگار، پائیدار مالیات، توانائی کی منتقلی اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے لیے ممکنہ تکنیکی معاونت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔وزیرِ خزانہ نے اس امر پر زور دیا کہ عملی تعاون کو فروغ دیا جائے تاکہ پالیسی تجربے کو قابلِ عمل اقدامات اور قابلِ پیمائش نتائج میں تبدیل کیا جاسکے۔

بقیہ	سحر	46

گورنر نفاذ کے بعد پی ٹی آئی کی جانب سے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی اور جنید اکبر کو حراست میں لیے جانے کا دعویٰ کیا گیا تھا۔بعد ازاں، پیر کی صبح پولیس نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی پولیس کی حفاظتی تحویل میں ہے، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے بعد پی ٹی آئی کے 8 اہم رہنما پولیس کی حفاظتی تحویل میں ہیں۔سینئر پولیس افسر کے مطابق وزیراعلیٰ سہیل آفریدی، اسپیکر بابر سلیم سواتی اور صوبائی صدر پی ٹی آئی جنید اکبر پولیس کی حفاظتی تحویل میں ہیں۔

بقیہ	سحر	47

50 سال مکمل ہونے پر ان کے اعزاز میں پروقار عشائیے کا اہتمام کیا۔تقریب میں گروپ کے چیئرمین شیخ طارق ایمی، فہد ایمی، فواز ایمی، ایمی خاندان کے سینئر ارکان، گروپ کی اعلیٰ انتظامی قیادت اور سردار محمد الیاس خان کے اہلِ خانہ نے شرکت کی

بقیہ	سحر	48

ضمانت پر سماعت کی۔ دوران سماعت ایڈیشنل پراسیکیوٹر جنرل اخلاق سلہری نے ملزم کے مقدمے کا ریکارڈ عدالت میں پیش کیا۔ملزم کے خلاف اٹئی کرپشن نے مقدمہ درج کر رکھا ہے۔ملزم پر پاور آف اٹارنی میں ردوبدل کر کے اپنی دینی کے نام پر جائیداد حاصل کرنے کا الزام ہے۔

بقیہ	سحر	49

معاشی ترقی ممکن ہے۔ریئل اسٹیٹ سیکٹر میں سرمایہ کاری سے کنسٹرکشن سے منسلک کاروبار کو فروغ ملتا ہے۔پراپرٹی ٹرانسفر اور ٹیکسوں کے نظام کو آسان بنانے سے سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوگا۔

بقیہ	سحر	50

۔تفصیلات کے مطابق پشاور کی مختلف سڑکوں پر کنٹینرز رکھ کر آمد ورفت محدود کر دی گئی ہے، بی آر ٹی سروس بھی دوسرے روز بند رہی، شہر کے تمام سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں میں عام تعطیل رہی تاہم سرکاری دفاتر کھلے رہے، سڑکوں پر ٹریفک کا رش معمول سے کم رہا۔

بقیہ	سحر	51

میں دونوں پائلٹ شہید ہوگئے۔سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے شہید پائلٹس کے ایلحانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ شہید پائلٹس کی ملک وقوم کے لئے خدمات اور قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔سید یوسف رضا گیلانی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید پائلٹس کے درجات بلند اور انہیں جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطاء کرے اور سوگوار خاندانوں کو یہ ناقابلِ تلافی نقصان برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔

بقیہ	سحر	52

فوجداری کی دفعہ 265 کے تحت بریت کی درخواست دائر کی ہے۔ملزمہ کے وکیل میر ہدایت اللہ نے موقف اختیار کیا کہ مقدمے میں انمول پنکی کے خلاف ٹھوس شواہد موجود نہیں، لہذا انھیں مقدمے سے بری کیا جائے۔

بقیہ	سحر	53

تمام حدود میں ہوگا، پابندی امن و امان کے خدشات کے پیش نظر عائد کی گئی ہے۔

بقیہ	سحر	54

اجلاس منعقد ہوا، جس میں غیر ملکی شہریوں کی سیکیورٹی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور تحفظ کو مزید موثر بنانے کیلئے اہم فیصلے کئے گئے۔اجلاس میں نان سی پیک منصوبوں، کاروباری سرگرمیوں اور کان کنی کے مقامات پر سیکیورٹی انتظامات مزید سخت کرنے کی ہدایت کی گئی

بقیہ	سحر	55

میں 46 فیصد اضافے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، اس مقصد کے لیے ترقیاتی کنوؤں کی کھدائی، موجودہ آئل و گیس فیلڈز میں پیداواری بہتری کے اقدامات، دباؤ برقرار رکھنے کے منصوبوں اور گیس کمپریشن کے بڑے منصوبوں پر عمل درآمد کیا جائے گا۔

بقیہ	سحر	56

خلاف دائر درخواست پر تمام فریقین کے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عہمر گل خان نے سائلہ سکینہ بی بی کی جانب سے دائر کی گئی درخواست پر سماعت کی۔سماعت کے دوران سرکاری وکیل نے محکمہ داخلہ اور ڈپٹی کمشنر سمیت تمام متعلقہ فریقین کی جانب سے جامع تحریری جواب پیش کیا۔

بقیہ	سحر	57

فیصلہ کیا گیا ہے، ان 21 تحصیلوں میں صفائی کا کنٹریکٹ ایک ہی کمپنی نے حاصل کیا تھا۔مجموعی طور پر پنجاب کی 26 تحصیلوں میں کنٹریکٹ منسوخ کیے جائیں گے۔ذرائع کے مطابق کنٹریکٹ منسوخ ہونے والی

پی ٹی آئی نے احتجاج کی جعلی ویڈیوز پھیلائیں

عظمیٰ بخاری

جامشورو کے بوائلر حادثے، جنتر منتر کے احتجاج کی ویڈیوز پشاور اور اسلام آباد سے منسوب کی گئیں، جعلی لیڈر شپ، جعلی انقلاب، جعلی احتجاج!، اگلی بار چاند پر بھی جلسہ کروا دینا، ناسا والی ویڈیو لگا دینا

پی ٹی آئی حکومت نے 13 سال میں اس صوبے کو کیا دیا؟ پی ٹی آئی حکومت نے کے پی کے عوام کے ساتھ کیا سلوک کیا یہ روز روشن کی طرح عیاں ہے: وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری پی ٹی آئی کی جانب سے احتجاج کی فیک ویڈیوز کی حقیقت سامنے لے آئیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ جامشورو میں ایک بوائلر کی پرانی ویڈیو کو پشاور احتجاج سے منسوب کیا گیا، ایک بھارتی شہری اشوک سوان نے جنتر منتر کے احتجاج کی ویڈیو کو اسلام آباد احتجاج کی ویڈیو سے منسوب کیا۔ انہوں نے کہا کہ جعلی لیڈر شپ، جعلی انقلاب، جعلی احتجاج!، اگلی بار چاند پر بھی جلسہ کروا دینا، ناسا والی ویڈیو لگا دینا۔ ان کا کہنا تھا کہ جس صوبائی حکومت کے زیر سایہ دہشتگرد محفوظ ہوں، پولیس نہتی اور عوام کو ان کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سوشل سکیورٹی موبائل ہیلتھ سسٹم کی افتتاحی تقریب میں بائیک پر متعین ہیلتھ ورکر سے گفتگو کرتے ہوئے



بینکوک: وزیر مملکت برائے خزانہ امداد اللہ بوسل اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

ایمرجنسی اور گورنر راج جمہوریت کے تابوت میں آخری کیل ہے، عارف علوی

پرامن احتجاج کو طاقت کے ذریعے دبانے کی پالیسی اب خیبر پختونخوا تک پھیلائی جا رہی ہے

عمران خان تشدد کے خلاف ہیں اور ان کی جماعت ہر صورت آئینی اور پرامن راستہ اختیار کرے گی

کراچی (اے ایف بی) سابق صدر عارف علوی نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ اور صوبائی حکومت کی معطلی پر شدید ردعمل دیتے ہوئے اسے جمہوریت کے تابوت میں آخری کیل قرار دیا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری اپنے بیان میں عارف علوی نے کہا کہ جس صوبے کے دو تہائی مینڈیٹ کو چرایا نہ جا سکا، اسے اسلام آباد کی غیر نمائندہ اور جعلی حکومت نے اپنے قبضے میں لے لیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت کو ہٹانے کا حق صرف خیبر پختونخوا کے عوام کو حاصل تھا۔ سابق صدر نے دعویٰ کیا کہ تمام اطلاعات کے مطابق اس بحران کی واحد وجہ سابق وزیر اعظم عمران خان سے ملاقات تھی۔ انھوں نے الزام عائد کیا کہ عمران خان کے پیغام کو عوام تک پہنچنے سے روکنے کی کوشش کی جا رہی ہے اور ذاتی عناد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

وزیر خزانہ کی ای ایس سی اے پی کی ایگزیکٹو سیکریٹری سے ملاقات

معاشی ترجیحات، موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے اور تکنیکی تعاون پر تبادلہ خیال

ساختی اصلاحات اور برآمدات پر مبنی پائیدار ترقی کے ذریعے ان کامیابیوں کو برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں 2026 کے موقع پر اقوام متحدہ کی انڈر سیکریٹری جنرل اور اقوام متحدہ کے اقتصادی و سماجی کمیشن برائے ایشیا و بحرالکاہل (ای ایس سی اے پی) کی ایگزیکٹو سیکریٹری، آرمیدا سالسیا علیسجہانا سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان کی معاشی ترجیحات اور تعاون کے ممکنہ مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے معاشی استحکام کے حصول میں ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیا اور ساختی اصلاحات اور برآمدات پر مبنی پائیدار ترقی کے ذریعے ان کامیابیوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

پشاور: گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی سے وفاقی وزیر سیفران امیر مقام ملاقات کرتے ہوئے

ڈی آئی جی اسلام آباد کا جنسی زیادتی کے جھوٹے مقدمات درج کروانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم

اسلام آباد (اے ایف بی) اسلام آباد پولیس نے جنسی زیادتی کے جھوٹے مقدمات درج کرانے اور بعد میں مبینہ طور پر رقم لے کر ملزمان کے حق میں بیانات دینے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا فیصلہ کیا ہے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے اینٹی ریپ ایکٹ کے تحت سات مقدمات کے مدعیان اور گواہوں کے خلاف مقدمات درج کرنے کا حکم جاری کر دیا۔ پولیس ترجمان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

لائبہ خودکشی کیس، اسلام آباد پولیس نے لڑکی سے فراڈ کرنیوالے گینگ کو گرفتار کر لیا

اسلام آباد (اے ایف بی) فراڈ سے دلبرداشتہ ہو کر اسلام آباد میں مبینہ طور پر خودکشی کرنے والی لائبہ اعجاز کو اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرون (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

مردان میں سابق صوبائی وزیر ظاہر شاہ طورو کی رہائش گاہ پر پولیس کا چھاپہ، ظاہر شاہ طورو موجود نہیں تھے

پشاور (بیورو رپورٹ) مردان میں سابق صوبائی وزیر اور ایم پی اے ظاہر شاہ طورو کی رہائش گاہ اور حجرے پر پولیس نے چھاپہ مارا تاہم انہیں گرفتار نہ کیا جا سکا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس چھاپے کے دوران ظاہر شاہ طورو موجود نہیں تھے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

سردار محمد الیاس خان کی خدمات کے 50 سال مکمل، اتیمی گروپ کے زیر اہتمام پروقار عشائیہ

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب کے اتیمی گروپ آف کمپنیز نے اپنے صدر سردار محمد الیاس خان کی قیادت اور خدمات کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

گلگت بلتستان میں غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی میں غیر معمولی اضافے کا فیصلہ

اس میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، آئی جی گلگت بلتستان ڈاکٹر اکبر ناصر خان

گلگت (اے ایف بی) گلگت بلتستان میں غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی غیر معمولی طور پر سخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جبکہ سکیورٹی شرائط کی خلاف ورزی پر متعلقہ این او سی منسوخ کرنے کی ہدایت بھی جاری کر دی گئی ہے۔ انسپکٹر جنرل پولیس گلگت بلتستان ڈاکٹر اکبر ناصر خان کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا، جس میں غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور تحفظ کو مزید موثر بنانے کیلئے اہم فیصلے کئے گئے۔ اجلاس میں نان سی پیک منصوبوں، کاروباری سرگرمیوں اور کان کنی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

خیبر پختونخوا بیوروکریسی میں تبادلے، 6 ڈویژنوں کے کمشنرز تبدیل

پشاور (اے ایف بی) خیبر پختونخوا کی بیوروکریسی میں بڑے پیمانے پر تبادلے کرتے ہوئے 6 ڈویژنوں کے کمشنرز کی تعیناتیوں اور تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے گئے۔ جاری اعلامیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

اے ٹی سی کا ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی جیل میں وکلا سے ملاقات کرانے کا حکم، سماعت 14 اکتوبر تک ملتوی

اسلام آباد (اے ایف بی) انسداد دہشت گردی عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف بیرئیر ہٹانے کے دہشت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

زبانی کلامی کسی کو آف لوڈ نہیں کیا جا سکے گا، ایف آئی اے امیگریشن کا نیا اسٹینڈنگ آرڈر جاری

2005 کا اسٹینڈنگ آرڈر منسوخ، اسٹینڈنگ آرڈر نمبر 07/2026 فوری طور پر نافذ العمل ہوگا

کراچی (اے ایف بی) ایف آئی اے امیگریشن نے ملک بھر میں ایئر پورٹس، سی پورٹس اور ڈرائی پورٹس کیلئے 12 صفحات پر مشتمل قابل ستائش نیا اسٹینڈنگ آرڈر جاری کر دیا ہے جس کے تحت ایف آئی اے کی جانب سے اب کسی کو بھی زبانی کلامی آف لوڈ نہیں کیا جا سکے گا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق 2005 کا اسٹینڈنگ آرڈر منسوخ کرتے ہوئے اسٹینڈنگ آرڈر نمبر 07/2026 فوری طور پر نافذ العمل ہوگا اور وقتاً فوقتاً اس کا جائزہ لیا جائے گا۔ نئے اسٹینڈنگ آرڈر نے امیگریشن افسران کے جاب ڈسکرپشن سے متعلق عمومی ذمہ داریوں سے متعلق سابقہ ہدایات بھی اس حد تک ختم کر دی ہیں جہاں وہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد ہوگا، فیصل کریم کنڈی

مشیر اطلاعات صوبے کے مثبت تشخص اور سافٹ امیج کو اجاگر کرنے کے لیے مؤثر کردار ادا کریں، گورنر خیبر پختون خوا

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختون خوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد ہوگا۔ گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی سے خیبر پختونخوا ایڈوائزر کونسل کی رکن ثمر ہارون بلور نے ملاقات کی۔ فیصل کریم کنڈی نے ثمر ہارون بلور کو مشیر اطلاعات خیبر پختون خوا کی نئی ذمے داریاں سنبھالنے پر مبارک باد دی۔ گورنر خیبر پختون خوا نے کہا کہ مشیر اطلاعات صوبے کے مثبت تشخص اور سافٹ امیج کو اجاگر کرنے کے لیے مؤثر کردار ادا کریں۔ کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد ہوگا۔ گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی سے خیبر پختونخوا ایڈوائزر کونسل کی رکن ثمر ہارون بلور نے ملاقات کی۔

پراپرٹی ٹرانسفر اور ٹیکسوں کے نظام کو آسان بنانے سے سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوگا، سردار سلیم حیدر خان

گورنر پنجاب سے چوہدری ریاض اور چیئرمین فیڈریشن آف ریلٹرز ایسوسی ایشن مسرت اعجاز علی خان کی قیادت میں وفد کی ملاقات

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں چوہدری ریاض ممبر فنانس کمیٹی پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل پنجاب اور چیئرمین فیڈریشن آف ریلٹرز ایسوسی ایشن مسرت اعجاز علی خان کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ معیشت کی مضبوطی اور استحکام کے لئے کاروباری افراد کو سازگار ماحول فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ کاروبار کی ترقی سے ہی ملکی معیشت کا پہیہ چلتا ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ ریئل اسٹیٹ سیکٹر سے کئی لوگوں کا روزگار وابستہ ہے۔ ریئل اسٹیٹ سیکٹر کی حکومتی سرپرستی سے ملک میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

لاہور بار ایسوسی ایشن اور لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے مشترکہ اجلاس سے صدر لاہور بار عرفان حیات باجوہ خطاب کر رہے ہیں

پنجاب حکومت کا صفائی ورکرز کو تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر سخت فیصلہ

26 تحصیلوں میں صفائی فرمز کے کنٹریکٹ منسوخ کر دیئے گئے

ملتان، فیصل آباد، جھنگ، بھکر اور لیہ میں صفائی کے کنٹریکٹ منسوخ کیے جا چکے ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت نے صفائی میں غفلت اور ورکرز کو تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر سخت اقدام کرتے ہوئے 26 تحصیلوں میں صفائی فرمز کے کنٹریکٹ منسوخ کر دیئے گئے۔ حکومت نے متعلقہ تحصیلوں میں 90 روزہ سیلف آپریشن شروع کرنے کی ہدایت کر دی جس کے تحت صفائی کا نظام عارضی طور پر سرکاری انتظام میں چلایا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ناقص کارکردگی اور انتظامی بدانتظامی کی شکایات پر پہلے مرحلے میں 21 تحصیلوں میں صفائی کے کنٹریکٹ منسوخ کرنے کا اصولی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

لاہور ہائیکورٹ کا ڈی جی انٹی کرپشن کی رپورٹ پر عدم اطمینان کا اظہار

چیف جسٹس کے ملزمان کے خلاف چھ سال تک کارروائی نہ ہونے پر سخت سوالات، لارجر بنچ تشکیل دینے کا عندیہ

ڈی جی انٹی کرپشن سہیل ظفر چٹھہ نے جواب دیا کہ جی، وہ پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ میں رہ چکے ہیں

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے سابق رجسٹری محرر تاج محمود اور سابق سب رجسٹرار محبوب اقبال کی عبوری درخواست ضمانتوں پر سماعت کے دوران ڈی جی انٹی کرپشن پنجاب کی رپورٹ پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ملزمان کے خلاف چھ سال تک کارروائی نہ ہونے پر سخت سوالات اٹھاتے ہوئے کیس کی سماعت کے لیے لارجر بنچ تشکیل دینے کا عندیہ دے دیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے دوران سماعت ریمارکس دیئے کہ چھ سال بعد جو ڈیشل ایکشن لیا گیا، اسے آئین اور قانون تسلیم نہیں کرتا۔ دوران سماعت ڈی جی انٹی کرپشن سہیل ظفر چٹھہ ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل مائدہ صوبیہ کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل نے رپورٹ کے حوالے سے بتایا کہ ایک افسر نے ملزمان کو گناہ گار جبکہ دوسرے نے بے قصور قرار دیا۔ انہوں نے بتایا کہ چھ سال سے ایسا ہی ہو رہا ہے۔ اس پر چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ریمارکس دیئے کہ نیب کے بڑے بڑے کیسز اب انٹی کرپشن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

لاہور ہائیکورٹ نے ڈاکٹر عظمیٰ خان کو دل کی ادویات فراہم کرنے کی ہدایت کر دی

ڈپٹی کمشنر لاہور، سی سی پی او اور دیگر افسران کو ذاتی حیثیت میں طلب کرنے کی استدعا پر فیصلہ محفوظ

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی بہن ڈاکٹر عظمیٰ خان کو جیل میں دل کی ادویات فراہم کرنے کی ہدایت کر دی جبکہ ڈپٹی کمشنر لاہور، سی سی پی او اور دیگر افسران کو ذاتی حیثیت میں طلب کرنے کی استدعا پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ جسٹس عبہر گل نے ڈاکٹر عظمیٰ خان اور نورین نیازی کی نظر بندی کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کی۔ اس موقع پر درخواست گزاروں کے وکیل رانا مدثر عمر نے استدعا کی کہ ایس پی، سی سی پی او لاہور اور ڈپٹی کمشنر کو ذاتی حیثیت میں طلب کیا جائے تاکہ وہ نظر بندی کے نوٹیفکیشن کی وضاحت کر سکیں۔ وکیل رانا مدثر عمر نے موقف اختیار کیا کہ درخواست گزار جیل میں کوئی غیر معمولی سہولت فراہم کرنے کی استدعا نہیں کر رہے بلکہ بنیادی ضروریات کی فراہمی چاہتے ہیں۔ انہوں نے نورین نیازی کو کپڑے، ادویات اور نظر کی عینک فراہم کرنے کے ساتھ اہل خانہ اور وکیل سے ملاقات کی اجازت دینے کی بھی استدعا کی۔ سماعت کے دوران ڈاکٹر عظمیٰ خان کے شوہر احد خان روسٹرم پر آ گئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

پنجاب سپورٹس بورڈ میں فرنیچر کی خریداری میں مبینہ بے ضابطگیاں

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی ذمہ داری کا تعین کرتے ہوئے جامع رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

ہ پی اے سی ون نے بے ضابطگیوں کی ذمہ داری متعلقہ افسران پر عائد کرنے کی سفارش کی ہے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پنجاب سپورٹس بورڈ میں مالی سال 22-2020 کے دوران ای لائبریری کے لیے فرنیچر کی خریداری میں مبینہ بے ضابطگیاں سامنے آ گئی ہیں۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق فرنیچر کی خریداری کے لیے دو فرموں کو مجموعی طور پر 41 لاکھ 55 ہزار روپے کی ادائیگیاں کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق میسرز فیض ٹریڈرز کو 20 لاکھ 96 ہزار روپے جبکہ میسرز اعوان ٹریڈرز کو 20 لاکھ 59 ہزار روپے ادا کیے گئے۔ خریداری کے لیے بولی سے متعلق دستاویزات پیپرا کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ نہیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

غربت کے بڑھتے گراف نے معاشی پالیسیوں پر سوالات اٹھا دیئے، مدثر مسعود چوہدری

معاشی استحکام کا اصل معیار عوام کی خوشحالی، مہنگائی نے کم آمدن طبقات کی مشکلات بڑھا دیں، سینئر رکن پیاف

حکومت تعلیم، صحت، غذائیت اور سماجی تحفظ کے شعبوں کیلئے مناسب وسائل مختص کرے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) انجم نثار گروپ کے رکن و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان میں غربت کی شرح میں اضافہ تشویشناک ہے، حکومت عوام کے معاشی حالات بہتر بنانے کیلئے موثر اور نتیجہ خیز اقدامات کرے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک میں غربت کی شرح میں 6.4 فیصد پوائنٹس کا اضافہ معاشی پالیسیوں پر نظر ثانی کا تقاضہ کرتا ہے۔ عالمی معاشی بحران، مہنگائی اور موسمیاتی آفات کے اثرات اپنی جگہ تاہم عوام کو ان مشکلات سے تحفظ فراہم کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ بالواسطہ ٹیکسوں، بجلی و گیس کے نرخوں اور اشیائے ضروریہ کی بڑھتی قیمتوں نے کم اور متوسط آمدن والے طبقے کی قوت خرید متاثر کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام کے ثمرات عام آدمی تک پہنچائے بغیر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

ایمرجنسی و گورنر راج، پشاور سمیت صوبے بھر میں معمولات زندگی بحال ہونے لگے

بی آر ٹی سروس دوسرے روز بھی معطل، پشاور شہر کا ریڈ زون سیل ہے

کنٹینرز موجود، سکیورٹی اہلکار تعینات، موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس بھی بحال ہونے لگی

نوشہرہ اور سوات میں بھی پیر کو تمام سرکاری و نجی تعلیمی ادارے بند رکھنے کا اعلان کیا گیا ہے

پشاور (اے ایف بی) خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد پشاور سمیت صوبے بھر میں معمولات زندگی بحال ہونے لگے، شہر کی اہم شاہراہوں پر ٹریفک رواں دواں جبکہ بیشتر کاروباری مراکز اور دفاتر کھل گئے تاہم پشاور سمیت صوبے کے بیشتر اضلاع میں نجی و سرکاری تعلیمی ادارے، کالجز اور یونیورسٹیاں بند رہیں، پشاور شہر میں بی آر ٹی سروس دوسرے روز بھی معطل رہی، جبکہ مختلف سڑکوں پر کنٹینرز سے راستے بدستور بند ہیں، باچا خان چوک، خیبر روڈ، فردوس چوک، ہشت نگری سمیت دیگر مقامات پر کنٹینرز لگا کر راستے بند کئے گئے۔ شہر کا ریڈ زون اب بھی سیل ہے، مختلف مقامات پر کنٹینرز موجود اور سکیورٹی اہلکار تعینات ہیں۔ ادھر پشاور میں بورڈ بازار، کارخانو مارکیٹ، رام پوری بازار، اشرف روڈ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

بنوں سکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، ایک خارجی جہنم واصل

مصدقہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے سکیورٹی فورسز نے خارجی کو ہلاک کیا، سکیورٹی ذرائع

سکیورٹی فورسز کا خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ، آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی

بنوں، راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) خیبر پختونخوا میں ضلع بنوں میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران ایک خارجی دہشت گرد کو جہنم واصل کر دیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق مصدقہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

پیپلز پارٹی اور ن لیگ نے عوام کے مینڈیٹ کو بلڈوز کر دیا، شوکت یوسفزئی

پشاور (اے ایف بی) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اور ن لیگ نے عوام کے مینڈیٹ کو بلڈوز کر دیا ہے۔ صوبے میں ایمرجنسی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

پشاور، دوسرے روز بھی مختلف راستے بند، ریڈ زون مکمل طور پر سیل

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختون خوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد پشاور میں مسلسل دوسرے روز بھی مختلف راستے بند رہے، شہر کے ریڈ زون کو مکمل طور پر سیل کر دیا گیا ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

سید یوسف رضا گیلانی کا پاک فضائیہ کے تربیتی طیارے کے حادثہ پر افسوس کا اظہار، پائلٹس کی شہادت پر تعزیت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پاک فضائیہ کے تربیتی طیارے کے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے، افسوسناک حادثہ کے نتیجے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

او جی ڈی سی کا مالی سال 2030-31 تک تیل کی پیداوار میں 68 فیصد، گیس کی فروخت میں 46 فیصد اضافے کا منصوبہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی) نے پانچ سالہ توسیعی منصوبہ پیش کیا ہے جس کے تحت مالی سال 2030-31 تک خام تیل کی پیداوار میں 68 فیصد اور قدرتی گیس کی فروخت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

نورین نیازی اور عظمیٰ خان کی نظر بندی کیخلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے پانی چیئرمین تحریک انصاف کی بہنوں نورین نیازی اور ڈاکٹر عظمیٰ خان کی نظر بندی کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

لاہور: وکلاء کے احتجاج کے باعث شہر کی مصروف شاہراہ مال روڈ پر ٹریفک جام کا منظر

کراچی میں دفعہ 144 نافذ، اجتماع، جلسے اور احتجاج پر پابندی عائد کر دی گئی

دفعہ 144 کا اطلاق کراچی ڈویژن کی تمام حدود میں ہوگا، پابندی امن و امان کے خدشات کے پیش نظر لگائی گئی

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں دفعہ 144 کے تحت اجتماع، جلسے اور احتجاج پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ کراچی میں دفعہ 144 کے تحت پابندی کا اطلاق 20 اکتوبر تک رہے گا اس سلسلے میں نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق دفعہ 144 کا اطلاق کراچی ڈویژن کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

انمول پنکی نے سی ٹی ڈی کے مقدمے میں بھی بریت کی درخواست دائر کر دی

سیشن عدالت نے ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر کو نوٹس جاری کر دیا، آئندہ سماعت پر جواب طلب

کراچی (اے ایف بی) ڈرگ ڈیلر انمول پنکی نے سیشن عدالت میں سی ٹی ڈی تھانے میں درج منشیات کے مقدمے میں بھی بریت کی درخواست دائر کر دی ۔عدالت نے درخواست پر ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر جواب طلب کر لیا۔ ملزمہ نے ضابط (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

گلگت، غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی میں غیر معمولی اضافہ کرنے کا فیصلہ

سکیورٹی شرائط کی خلاف ورزی پر متعلقہ این او سی منسوخ کرنے کی ہدایت بھی جاری کر دی گئی

غیر ملکی شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، آئی جی گلگت بلتستان ڈاکٹر اکبر ناصر خان

گلگت (مانیٹرنگ ڈیسک) گلگت بلتستان میں غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی غیر معمولی طور پر سخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ سکیورٹی شرائط کی خلاف ورزی پر متعلقہ این او سی منسوخ کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔ انسپکٹر جنرل پولیس گلگت بلتستان ڈاکٹر اکبر ناصر خان کی زیر صدارت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

چینی سرکاری چار جنگ اسٹیشنز کی مینوفیکچرنگ کارخانے ہر ممکن سہولت دینگے

چوہدری شافع

الیکٹرک وہیکلز سیکٹر سے وابستہ چین کے بڑے گروپ جی فورس اور جولٹا الیکٹرک پرائیویٹ لمیٹڈ کے مابین ای وی پراڈکٹس کے حوالے سے جوائنٹ وینچر کا معاہدہ طے

حکومت کا فوکس الیکٹرک وہیکلز سیکٹر کا فروغ، صوبہ میں 2 ویلرز الیکٹرک گاڑیوں کے متعدد کارخانے پیداوار دے رہے ہیں، شافع حسین

لاہور (سٹاف رپورٹر) الیکٹرک وہیکلز سیکٹر سے وابستہ چین کے بڑے گروپ جی فورس اور جولٹا الیکٹرک پرائیویٹ لمیٹڈ کے مابین ای وی پراڈکٹس کے حوالے سے جوائنٹ وینچر کا معاہدہ طے پا گیا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین پیسک ہاؤس ڈیوس روڈ پر معاہدے پر دستخطوں کی منعقدہ تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ معاہدے کی رُو سے مشترکہ طور پر الیکٹرک وہیکلز مصنوعات کی مینوفیکچرنگ اور تجارت ہوگی۔ معاہدے پر جی فورس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

لاہور: چیئرمین پی آر اے معظم اقبال سپر اڈیجیٹل ادائیگیوں، انفورسمنٹ کارروائیوں اور مانیٹرنگ بارے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

کرپشن پر زیرو ٹالرنس، آئی جی جیل خانہ جات کا سخت احتسابی مراسلہ جاری

پنجاب کی جیلوں میں کرپشن کیخلاف سخت اقدامات، قیدیوں کے رشتہ داروں سے تعلقات، تحائف لینے پر پابندی

سپرنٹنڈنٹ جیل ہر چھ ماہ بعد سرکاری اسٹورز کی فزیکل ویری فکیشن کا پابند ہوگا

لاہور (سٹاف رپورٹر) آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں سالک جلال نے صوبے کی جیلوں میں کرپشن، بدعنوانی اور اختیارات کے ناجائز استعمال کی روک تھام کیلئے سخت احتسابی اقدامات کا مراسلہ جاری کر دیا۔ جاری کردہ مراسلے کے مطابق جیل افسران اور اہلکاروں پر قیدیوں کے رشتہ داروں سے تعلقات استوار کرنے، کاروباری ڈیل کرنے اور تحائف لینے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ خلاف ورزی ثابت ہونے پر فوجداری مقدمے کے ساتھ محکمانہ کارروائی بھی ہوگی، جبکہ متعلقہ نگران افسر کو بھی ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا۔ مراسلے میں تمام ریجنل ڈپٹی انسپکٹر جنرلز اور سپرنٹنڈنٹس جیلز کو کرپٹ عناصر کے خلاف کارروائیاں کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ جیلوں میں رشوت اور مالی بے ضابطگیوں پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنانے کا حکم دیتے ہوئے ریجنل ڈی آئی جیز کو جیلوں، سرکاری اسٹورز، راشن گوداموں اور کیش (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

لاہور: مینجنگ ڈائریکٹر ایچ اے لاہور احمد عثمان جاوید ہارٹی کلچر ورک کا معائنہ کر رہے ہیں

کنزیومر قوانین کی خلاف ورزی پر 21 لاکھ 72 ہزار روپے سے زائد جرمانہ، 2,134 وارننگز جاری، ڈاکٹر خورشید

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن ڈاکٹر کرن خورشید کی زیر صدارت کنزیومر پروٹیکشن کونسل کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی جی انفورسمنٹ عمران (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

لیسکو کا بجلی چوری کے خلاف آپریشن جاری، 217 کیسز سامنے آ